DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 324

DATED 09-04- 2026.

SUBJECT:- **PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO.081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 09.04.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | پاکستان نے عالمی سطح پر سفارتکاری کی روشن مثال قائم کردی، گورنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | مدبرانہ قومی قیادت نے دانشمندانہ فیصلے کر کے ملکی سفارتی ساکھ کو مستحکم کیا، وزیراعلیٰ بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی موثر قیادت نے ملک کا مثبت تشخص اجاگر کیا، سردار کھیتر ان | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | 250 ارب روپے کا ترقیاتی بجٹ صوبے کیلئے ناکافی ہے، شعیب نوشروانی | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | پاکستان نے پورے خطے کو تباہی سے بچالیا، نورمحمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | شہید شیردل ابڑو کی قربانی پر پوری قوم کو فخر ہے، صوبائی وزراء | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | پاکستان کی کامیاب سفارتکاری نے خطے کی سیاست کا رخ موڑ دیا، نسیم الرحمٰن | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے سنجیدہ ہے، فیصل جمالی | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | امن کیلئے قومی قیادت کی کوشیش رنگ لائیں گی، میر سلیم کھوسہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | جنگ بندی میں پاکستان کا کردار اہم سنگ میل ہے، میر صادق عمرانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | پاکستانی قیادت کی سفارتی کامیابیاں روشن مثال ہیں، بخت کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بہترین سفارتکاری نے ملکی وقار بلند کیا، ولی محمد نورزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | مشیر وزیراعلیٰ مینا مجید کا گوادر پورٹ کادورہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | صوبائی قائمہ کمیٹی برائے محنت وافرادی قوت کا دومسودات قانون پرغور | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | ماسٹر پلان کے ذریعے کوئٹہ کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا، کمشنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | سی پیک فائیو کوریڈورز کے تحت نئی ترقیاتی حکمت عملی مرتب | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بی ایف سی حکومتی محکمہ جات اور بزنس کمیونٹی کے مابین پل ہے، قائم لاشاری | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | اساتذہ بھرتی اسکینڈل ایس بی کے یونیورسٹی کے دو ریکارڈ روم سیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | سیکرٹری مواصلات وتعمیرات کا چمن کا کوئلہ پھاٹک روڈ کادورہ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

چھتر اسکول ٹیچر کو مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر اغواء کرلیا، خاران نامعلوم افراد کا ایف اے او کی گاڑی پر حملہ، ڈی ایم جمالی پولیس نے مطلوب روپوش ملزم گرفتار کرلیا، کوئٹہ مسافر کے قبضے سے 29.789 ملین ایرانی ریال برآمد، دالبندین ہندو تاجر کی دکان میں ڈکیتی کیخلاف شٹر ڈاؤن

## مسائل:

کوئٹہ میں چوری ڈکیتی کی بڑھتی وارداتوں کا سدباب کیا جائے، علاقہ مکین، گوادر ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ، صوبے بھر کے سرکاری اسکولوں میں کتب کی کمی سے طلبہ کو مشکلات، آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا قیمت 175 روپے فی کلو ہوگئی۔

**مورخہ 09.04.2026**

**اداریہ :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے" **کوئٹہ شہر میں لوکل بسوں کی بندش** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بلاشبہ بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے جہاں دیگر مسائل سے دوچار ہے وہاں اہم مسئلہ اس میں مختلف روٹس پر چلنے والی لوکل بسوں کا خستہ حالت کے باعث بند کردیا گیا تھا ٹرانسپورٹر کو کہا گیا کہ وہ خستہ حال بسوں کو بند کرکے ان کی جگہ نئی ماڈل کی بسیں چلائیں لیکن یہ بسیں نہ چل سکیں جن کو بڑے دن ہوگئے ہیں لوکل بسیں بند ہونے سے عوام کی ایک بڑی تعداد پریشانی اور مشکلات کا شکار ہے کیونکہ لوکل بسوں میں ان کو سستا سفر میسر ہوتا ہے جبکہ ان کو ان بسوں کے بند ہونے کی وجی سے رکشوں کے بھاری بھرکم کرایے دیے پڑے رہے ہیں جو کہ ان کا معاشی مسئلہ ہے۔ کچھ عرصہ قبل حکومت بلوچستان نے کوئٹہ شہر میں پہلے مرحلے میں آٹھ گرین بسیں چلائیں جن کا روٹ بلوچستان یونیورسٹی سے بلیلی تک تھا اور یہ سروس بڑی کامیاب ہوئی کیونکہ اس روٹ کے مسافروں کو ایک آسان اور اچھا سفر میسر ہوا اس بعد دوسرے مرحے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سفر فراز بگٹی کے وژن کے مطابق گرین بسوں کے منصوبے میں توسیع کرکے مزید گرین بسیں لائی گئیں اور ان میں خواتین کیلئے الگ پنک بسیں چلائی گئیں تاکہ وہ اطمینان سے اپنا سفر کرسکیں۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے" Poor Health sector "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated 09 APR 2026 Page No. 1

# پاکستان نے عالمی سطح پر سفارتکاری کی روشن مثال قائم کردی، گورنر

**دیرپا امن واستحکام اور ترقی وخوشحالی کی نئی راہیں نکلیں گی، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کا کردار اہم ہے، بیان**

کوئٹہ(غ ن)گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی دراصل بین الاقوامی سفارت کاری میں پاکستان کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ پاکستان نے وزیراعظم میاں شہباز شریف کی دوراندیش قیادت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ثابت قدمی میں امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس جنگ بندی کے ذریعے پاکستان نے نہ صرف پورے خطے کو تباہی سے بچایا بلکہ عالمی سطح پر سفارت کاری کی روشن مثال بھی قائم کی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ امید ہے کہ مستقبل قریب میں پاکستان کی موجودہ دانشمندانہ سفارتکاری کے مزید مثبت نتائج سامنے آئیں گے جس کے نتیجے میں دیرپا امن واستحکام اور ترقی وخوشحالی کی نئی راہیں نکلیں گی۔ پاکستان کی یہ عظیم کامیابی مذاکرات، سفارت کاری اور تعاون کے چیمپئن کے طور پر پاکستان کی پوزیشن کو واضح کرتی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ موجودہ جنگ بندی دراصل پورے خطے اور عالمی ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو اجاگر کرتی ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان پل کا کردار ادا کرنے اور دیرپا امن وسلامتی کی راہ ہموار کرنے پر ہمیں پاکستان کے پرامن کردار پر فخر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 20 شوال 1447ھ 09 اپریل 2026ء صفحات 08 | شمارہ 274

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# امریکہ ایران جنگ بندی پاکستان کی سفارتی کامیابی ہے، گورنر، وزیراعلیٰ

## جنگ بندی خطے سمیت عالمی ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے پاکستان کی سفارتی کاوشوں کو اجاگر کرتی ہے، جعفرخان مندوخیل

## پاکستان کی مدبرانہ قومی قیادت نے دانشمندانہ فیصلوں سے ملک کی سفارتی ساکھ کو عالمی سطح پر مزید مستحکم کیا ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے الگ الگ بیانات میں........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو اور میر عاصم کرد گیلو ملاقات کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسل کے چیئرمین اور نمائندے ملاقات کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے انٹرنیشنل باکسر نثار احمد ملاقات کررہے ہیں، انجینئر زمرک اچکزئی بھی موجود ہیں

امریکہ ایران جنگ رکوانے میں کردار ادا کرنے پر وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو خراج تحسین پیش کیا۔ گورنر بلوچستان کا کہنا تھا کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی دراصل بین الاقوامی سفارت کاری میں پاکستان کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ پاکستان نے وزیراعظم میاں شہباز شریف کی دور اندیش قیادت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ثابت قدمی میں امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس جنگ بندی کے ذریعے پاکستان نے نہ صرف پورے خطے کو تباہی سے بچایا بلکہ عالمی سطح پر سفارت کاری کی روشن مثال بھی قائم کی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ امید ہے کہ مستقبل قریب میں پاکستان کی موجودہ دانشمندانہ سفارتکاری کے مزید مثبت نتائج سامنے آئیں گے جس کے نتیجے میں دیرپا امن واستحکام اور ترقی وخوشحالی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پیشہ ورانہ حکمت عملی اور بروقت اقدامات نے پورے خطے کو ایک ممکنہ بڑی تباہی سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی متوازن اور فعال سفارت کاری نے عالمی برادری کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ امن، استحکام اور مکالمہ ہی ہماری اولین ترجیح ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس متوازن سفارتی حکمت عملی کے نتیجے میں حاصل ہونے والی یہ کامیابی خطے میں مستقل قیام امن کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے

# موٹر ٹرانسفر فیس میں ایک ماہ کی رعایت دی، سرفراز بگٹی

## شہری فوری اپنی گاڑیوں کی اپنے نام منتقلی کو یقینی بنائیں، وزیراعلیٰ

## یہ اقدام عوامی سہولت اور معاشی بوجھ میں کمی کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے میں گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس سے متعلق حکومتی اقدامات کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس ایک ماہ کے لیے معاف کردی گئی ہے اپنے ایک ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ رعایت صرف ٹرانسفر فیس تک محدود ہوگی جبکہ رجسٹریشن فیس بدستور برقرار رہے گی۔ حکومت کا یہ اقدام عوامی سہولت اور معاشی بوجھ میں کمی کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 116 | جمعرات 20 شوال 9 اپریل 2026، صفحات 6 قیمت 40 روپے

# وزیر اعلیٰ: پاکستان نے خطے میں کشیدگی کے خاتمے میں موثر فیصلہ کن کردار ادا کیا

## مدبرانہ قومی قیادت نے نہ صرف بروقت دانشمندانہ فیصلے کیے بلکہ ملک کی سفارتی ساکھ کو بھی مستحکم کیا، ایکس پر پیغام

## یونین کونسلز کے جائز مسائل کے حل کیلئے موثر اور قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے، وفد سے سرفراز بگٹی کی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امریکہ اور ایران کے مابین سیز فائر کے قیام پر قومی قیادت، وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے (باقی صفحہ 6 نمبر 9)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے انٹرنیشنل کک باکسر نثار احمد ملاقات کررہے ہیں
اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی بھی موجود ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسل کے چیئرمین، نمائندگان ملاقات کررہے ہیں

میں کشیدگی کے خاتمے اور جنگ بندی کے قیام میں موثر اور فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مدبرانہ قومی قیادت نے نہ صرف بروقت اور دانشمندانہ فیصلے کیے بلکہ ملک کی سفارتی ساکھ کو بھی عالمی سطح پر مزید مستحکم کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پیشہ ورانہ حکمت عملی اور بروقت اقدامات نے پورے خطے کو ایک ممکنہ بڑی تباہی سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی متوازن اور فعال سفارت کاری نے عالمی برادری کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ امن، استحکام اور مکالمہ ہی ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس متوازن سفارتی حکمت عملی کے نتیجے میں حاصل ہونے والی یہ کامیابی خطے میں مستقل قیام امن کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کوششوں کے نتیجے میں نہ صرف مکمل جنگ بندی ممکن ہوگی بلکہ پائیدار امن کے قیام کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ کامیابی پاکستان کے موثر بیانیے، دانشمندانہ فیصلوں اور عالمی اعتماد کا مظہر ہے، جسے تاریخ میں ایک نمایاں مقام حاصل رہے گا انہوں نے کہا کہ خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششیں ایک قابل تقلید مثال بن چکی ہیں اور ملک نے عالمی سطح پر قیام امن کے لیے ایک ذمہ دار اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کو ایک بڑے تصادم سے بچانے میں اپنا حصہ ڈالا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی قیادت میں جاری سفارتی کاوشیں مستقبل میں بھی تنازعات کے پرامن حل کی راہ ہموار کرتی رہیں گی اور خطے میں دیرپا امن کے قیام میں معاون ثابت ہوں گی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسلز کے چیئرمینز اور نمائندگان نے ملاقات کی جس میں یونین کونسلز کی سطح پر درپیش چیلنجز اور مسائل سے وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یونین کونسلز کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری خزانہ کی سربراہی میں قائم اس کمیٹی میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بھی شامل ہوں گے۔ کمیٹی مسائل کا جامع جائزہ لے کر اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور یونین کونسلز نمائندگان کو درپیش امور کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے قابل عمل سفارشات مرتب کرے گی تاکہ عملی سطح پر مسائل کے موثر حل کو یقینی بنایا جا سکے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یونین کونسلز کے جائز مسائل کے حل کیلئے موثر اور قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ نمائندگان کی جانب سے پیش کردہ متعدد مطالبات پر حکومت پہلے ہی پیش رفت کررہی ہے انہوں نے واضح کیا کہ کوئی ایسا وعدہ نہیں کیا جائے گا جو عملی طور پر پورا نہ کیا جا سکے، تاہم تمام جائز مطالبات پر سنجیدگی سے غور کیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAILY EXPRESS ایکسپریس کوئٹہ
www.express.com.pk
Bullet No. 1
Page No 5
09 APR 2026

# آرٹسٹ ویلفیئر اینڈ وومنٹ فنڈ میں اضافے کا فیصلہ

فنکار برادری کی سرپرستی کرینگے، سرفراز بگٹی

فنڈ کی رقم کو مرحلہ وار دگنا کیا جائیگا، بلوچستان دہشتگرد نہیں امن ومحبت کی سرزمین ہے، آرٹسٹ نمائندہ وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے صوبے میں آرٹسٹوں کی فلاح و بہبود کے لیے آرٹسٹ ویلفیئر اینڈ وومنٹ فنڈ میں اضافے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں فنڈ کی (باقی صفحہ 5 نمبر15)

رقم کو مرحلہ وار دگنا کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے یہ فیصلہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آرٹسٹ نمائندہ وفد کی ملاقات کے دوران کیا گیا، جس میں فنکاروں کو درپیش مسائل اور ان کی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں اس امر کا بھی فیصلہ کیا گیا کہ گریڈ16 سے کم سرکاری ملازم آرٹسٹوں کی مالی معاونت بلوچستان آرٹسٹ اینڈ وومنٹ فنڈ کے ذریعے بدستور جاری رکھی جائے گی تا کہ مستحق فنکاروں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ صوبے کے آرٹسٹوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور حکومت فنکار برادری کی سرپرستی میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا ثقافتی ورثہ امن، رواداری اور محبت کا آئینہ دار ہے اور فنکار اس مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں انہوں نے فنکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنے فن کے ذریعے بلوچستان کا حقیقی اور مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کریں اور یہ باور کرائیں کہ بلوچستان دہشت گردی نہیں بلکہ امن، ثقافت اور محبت کی سرزمین ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آرٹسٹ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صوبے کی مثبت تاریخی شناخت کو عالمی سطح پر متعارف کرائیں۔ انہوں نے ماضی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی وی کوئٹہ سنٹر کے فنکاروں نے معیاری ڈراموں کے ذریعے نہ صرف ملک بلکہ دنیا بھر میں بلوچستان کا نام روشن کیا، اور آج بھی ایسے معیاری اور اخلاقی اقدار پر مبنی ڈرامے صوبے کے پائیدار ثقافتی تشخص کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ فنکار اس سمت میں کام کریں، حکومت بلوچستان انہیں ہر ممکن تعاون اور سرپرستی فراہم کرے گی اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری کلچر سمیت آرٹسٹ نمائندگان نے شرکت کی۔

## بلوچستان کے باصلاحیت کھلاڑی قومی و بین الاقوامی سطح پر صوبے کا نام روشن کر رہے، انٹرنیشنل کک باکسر نثار احمد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے انٹرنیشنل کک (باقی صفحہ 5 نمبر16)

باکسر نثار احمد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی بھی موجود تھے ملاقات کے دوران نثار احمد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو اپنے کھیل کے سفر، حاصل کردہ کامیابیوں، درپیش چیلنجز اور مستقبل کے اہداف سے آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے نوجوان کھلاڑی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے باصلاحیت کھلاڑی قومی اور بین الاقوامی سطح پر صوبے کا نام روشن کر رہے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے اور اس مقصد کے حصول کیلئے کھیلوں کے شعبے کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعرات 9 اپریل 2026ء بمطابق 20 شوال المکرم 1447ھ | شمارہ نمبر 97

# امریکا ایران جنگ بندی، پاکستان نے خطے کو ممکنہ تباہی سے بچالیا، وزیراعلیٰ

امن و استحکام اولین ترجیح

پاکستان نے ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں کشیدگی کے خاتمے میں موثر اور فیصلہ کن کردار ادا کیا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو خراج تحسین

خطے میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاکستانی کوششیں قابل تقلید، قومی قیادت نے ملکی سفارتی ساکھ کو مزید مستحکم کیا، بیان

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے امریکہ اور ایران کے مابین جنگ بندی کے قیام پر پاکستان کی قومی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں کشیدگی کے خاتمے میں موثر اور فیصلہ کن کردار ادا کیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی مدبرانہ قومی قیادت نے ملک کی سفارتی ساکھ کو

بقیہ نمبر 65 صفحہ 5 پر

عالمی سطح پر مزید مستحکم کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی پیشہ ورانہ حکمت عملی اور بروقت اقدامات نے پورے خطے کو ایک ممکنہ بڑی تباہی سے محفوظ رکھا جبکہ پاکستان کی متوازن اور فعال سفارت کاری نے عالمی برادری کو یہ واضح پیغام دیا کہ امن ہی عالمی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ اس کامیاب سفارتی کوشش کے نتیجے میں حاصل ہونے والی جنگ بندی مستقل قیام امن کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے اور ان کوششوں کے باعث جلد مکمل جنگ بندی اور پائیدار امن کی امید پیدا ہوئی۔ انہوں نے اس پیشرفت کو پاکستان کے مثبت اور دانشمندانہ فیصلوں اور عالمی اعتماد کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی تاریخ میں نمایاں مقام حاصل کرے گی۔ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لئے پاکستان کی مسلسل کوششیں قابل تقلید مثال بن چکی ہیں اور پاکستان نے عالمی سطح پر ایک ذمہ دار اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کو بڑے تصادم سے بچانے میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان کی قیادت میں جاری سفارتی کوششیں مستقبل میں بھی تنازعات کے پرامن حل کی راہ ہموار کرتی رہیں گی۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے یونین کونسلو کے چیئرمین اور نمائندے ملاقات کر رہے ہیں

## گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس ایک ماہ کیلئے معاف کی، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ سے یونین کونسلو چیئرمین اور نمائندوں کی ملاقات، مسائل کے حل کیلئے کمیٹی قائم

کوئٹہ (خبر رساں ادارے) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صوبے میں گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس سے متعلق اہم اقدامات کی وضاحت کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ بلوچستان میں ایک ماہ کے لئے گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس معاف کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن فیس بدستور برقرار رہے گی اور یہ رعایت صرف ٹرانسفر فیس تک محدود ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ ٹرانسفر فیس میں یہ عارضی رعایت عام شہریوں کو فیول سبسڈی کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لئے دی گئی تاکہ زیادہ سے زیادہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

افراد حکومتی سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنی گاڑیوں کی بروقت منتقلی اپنے نام کروا لیں تاکہ حکومتی سبسڈی سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسلو کے چیئرمین اور نمائندوں نے ملاقات کی جس میں یونین کونسلز کی سطح پر درپیش چیلنجز اور مسائل سے وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یونین کونسلوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری خزانہ کی سربراہی میں قائم کمیٹی میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بھی شامل ہوں گے جو مسائل کا جامع جائزہ لے کر اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور یونین کونسلز نمائندگان کو درپیش مسائل کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے قابل عمل سفارشات مرتب کرے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یونین کونسلو کے جائز مسائل کے حل کیلئے موثر اور قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی مسئلے کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا جو عملی طور پر حل کیا جا سکے تاہم تمام جائز مطالبات پر سنجیدگی سے غور کیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 2

Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے — صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 38 | بدھ 8 اپریل 2026ء بمطابق 19 شوال المکرم 1447ھ | شمارہ نمبر 96

# دفتری اوقات کار کے بعد سرکاری گاڑیوں کے استعمال پر پابندی ہوگی، میر سرفراز بگٹی

**سیف سٹی کیمروں سے مانیٹرنگ ہوگی، تمام گاڑیوں میں ٹریک نصب، بلوچستان سے باہر جانے پر پابندی لگادی گئی، اجلاس میں فیصلے**

**سابق گورنرز، وزرائے اعلیٰ، وزراء، ارکان اسمبلی، ریٹائرڈ افسران اور دیگر مجاز افراد سے سرکاری گاڑیاں واپس لینے کی ہدایت، وسائل کا ضیاع برداشت نہیں، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت قومی کفایت شعاری اقدامات پر عملدرآمد کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں سرکاری وسائل کے مؤثر اور شفاف استعمال کو یقینی بنانے کے لیے متعدد سخت فیصلے کیے گئے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ غیر متعلقہ افراد کے زیر استعمال سرکاری گاڑیوں کی فوری واپسی یقینی بنائی جائے گی۔ اس ضمن میں سابق گورنرز، سابق وزرائے اعلیٰ، سابق وزراء، سابق اراکین اسمبلی، ریٹائرڈ افسران اور دیگر غیر مجاز افراد سے سرکاری گاڑیاں واپس لینے کی ہدایت جاری کی گئی خلاف ورزی کی صورت میں سخت کارروائی عمل میں لانے کا فیصلہ کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت دی کہ تمام سرکاری گاڑیوں کا جامع آڈٹ کیا جائے اور ایندھن کی فراہمی صرف تصدیق شدہ اور مجاز گاڑیوں تک محدود رکھی جائے اجلاس میں 2005 سے پرانی

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

سرکاری گاڑیوں کی مرحلہ وار نیلامی اور گاڑیوں کی رجسٹریشن کی منظوری بھی دی گئی اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ دفتری اوقات کے بعد سرکاری گاڑیوں کے استعمال پر مکمل پابندی ہوگی تاہم سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت لازمی ہوگی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ افسر کے خلاف کارروائی کی جائے گی اجلاس میں تمام سرکاری گاڑیوں میں ٹریکرز کی تنصیب کا بھی فیصلہ کیا گیا یہ بھی طے پایا کہ بغیر اجازت سرکاری گاڑیاں صوبے سے باہر لے جانے پر پابندی عائد ہوگی اندرون شہر سرکاری گاڑیوں کی نقل و حرکت کو سیف سٹی کیمروں کے ذریعے مانیٹر کیا جائے گا تاکہ شفافیت اور نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر واضح کیا کہ عوامی وسائل کے ضیاع کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور کفایت شعاری اقدامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا انہوں نے ہدایت کی کہ سرکاری گاڑیوں کے غیر ضروری اور غیر مجاز استعمال کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ حکومتی وسائل کا درست اور مؤثر استعمال یقینی بنایا جا سکے۔

## وزیراعلیٰ کی ہدایت، خضدار میں بھتہ لینے پر دو پولیس اہلکار معطل

**بھتہ لینے والے اہلکاروں کیخلاف کارروائی شروع، ایس ایس پی کا انکوائری کا حکم**

خضدار (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر خضدار کے دو پولیس اہلکاروں کو بھتہ خوری پر معطل کر دیا گیا انکوائری کا حکم، تفصیلات ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر پولیس چیک پوسٹوں سے بھتہ خوری کے خاتمے کے لئے کارروائیوں کا آغاز کر دیا گیا، اس ضمن میں پولیس چیک پوسٹ پر بھتہ خوری کی شکایت پر خضدار میں دو پولیس اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا ایس ایس پی خضدار نے چیک پوسٹ پر متعین دو پولیس اہلکاروں نصر اللہ اور حمید اللہ کو معطل کر کے تحقیقات

بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر

کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہارخیال کر رہے ہیں

DIREC
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ ت
حکومت با

Bullet No. 1

Page No. 9

روزنامہ
میزان
کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمن
بیاد: برکت علی
چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خان

جلد 77 | جمعرات 09 اپریل 2026ء، 20 شوال المکرم 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 216

# خطے میں امن واستحکام کیلئے پاکستانی کوششیں قابل تقلید مثال بن چکی ہیں

ملک نے عالمی سطح پر قیام امن کے لیے ایک ذمہ دار اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کو ایک بڑے تصادم سے بچانے میں اپنا حصہ ڈالا ہے، پاکستان کی قیادت میں جاری سفارتی کاوشیں مستقبل میں بھی تنازعات کے پُرامن حل کی راہ ہموار کرتی رہیں گی، میر سرفراز بگٹی

پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور جنگ بندی کے قیام میں مؤثر اور فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا امریکہ اور ایران کے مابین سیز فائر کے قیام پر قومی قیادت، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امریکہ اور ایران کے مابین سیز فائر کے قیام پر قومی قیادت، وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور جنگ بندی کے قیام میں مؤثر اور فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مدبرانہ قومی قیادت نے نہ صرف بروقت اور دانشمندانہ فیصلے کیے بلکہ ملک کی سفارتی ساکھ کو بھی عالمی سطح پر مزید مستحکم (بقیہ 2 صفحہ 2پر)

کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پیشہ ورانہ حکمت عملی اور بروقت اقدامات نے پورے خطے کو ایک ممکنہ بڑی تباہی سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی متوازن اور فعال سفارت کاری نے عالمی برادری کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ امن، استحکام اور مکالمہ ہی ہماری اولین ترجیح ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس متوازن سفارتی حکمت عملی کے نتیجے میں حاصل ہونے والی یہ کامیابی خطے میں مستقل قیام امن کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کوششوں کے نتیجے میں نہ صرف مکمل جنگ بندی ممکن ہوگی بلکہ پائیدار امن کے قیام کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ کامیابی پاکستان کے مؤثر بیانیے، دانشمندانہ فیصلوں اور عالمی اعتماد کا مظہر ہے، جسے تاریخ میں ایک نمایاں مقام حاصل رہے گا انہوں نے کہا کہ خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششیں ایک قابل تقلید مثال بن چکی ہیں اور ملک نے عالمی سطح پر قیام امن کے لیے ایک ذمہ دار اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کو ایک بڑے تصادم سے بچانے میں اپنا حصہ ڈالا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی قیادت میں جاری سفارتی کاوشیں مستقبل میں بھی تنازعات کے پُرامن حل کی راہ ہموار کرتی رہیں گی اور خطے میں دیرپا امن کے قیام میں معاون ثابت ہوں گی۔

# یونین کونسلز کے مسائل کے حل کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے جائینگے، بگٹی

نمائندگان کی جانب سے پیش کردہ متعدد مطالبات پر حکومت پہلے ہی پیش رفت کر رہی ہے، کوئی ایسا وعدہ نہیں کیا جائے گا جو عملی طور پر پورا نہ کیا جا سکے

تاہم تمام جائز مطالبات پر سنجیدگی سے غور کیا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان کی لوکل گورنمنٹ یونین کونسلز کے چیئرمینز اور نمائندگان سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں لوکل گورنمنٹ یونین کونسلز کے چیئرمینز اور نمائندگان نے ملاقات کی جس میں یونین کونسلز کی سطح پر درپیش چیلنجز اور مسائل سے وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یونین کونسلز کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری خزانہ کی سربراہی میں قائم اس کمیٹی میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بھی شامل (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

ہوں گے کمیٹی مسائل کا جامع جائزہ لے کر اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور یونین کونسلز نمائندگان کو درپیش امور کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے قابل عمل سفارشات مرتب کرے گی تاکہ نچلی سطح پر مسائل کے مؤثر حل کو یقینی بنایا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یونین کونسلز کے جائز مسائل کے حل کیلئے مؤثر اور قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ نمائندگان کی جانب سے پیش کردہ متعدد مطالبات پر حکومت پہلے ہی پیش رفت کر رہی ہے انہوں نے واضح کیا کہ کوئی ایسا وعدہ نہیں کیا جائے گا جو عملی طور پر پورا نہ کیا جا سکے، تاہم تمام جائز مطالبات پر سنجیدگی سے غور کیا جائے گا۔

# وزیراعلیٰ بلوچستان سے انٹرنیشنل کک باکسر نثار احمد کی ملاقات

بلوچستان کے باصلاحیت کھلاڑی قومی اور بین الاقوامی سطح پر صوبے کا نام روشن کر رہے ہیں

حکومت نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے انٹرنیشنل کک باکسر نثار احمد نے یہاں ملاقات کی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک [illegible] بھی موجود تھے ملاقات کے دوران نثار احمد نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو اپنے کھیل کے سفر، حاصل کردہ کامیابیوں، درپیش چیلنجز اور مستقبل کے اہداف سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ نے نوجوان کھلاڑی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے باصلاحیت کھلاڑی قومی اور بین الاقوامی سطح پر صوبے کا نام روشن کر رہے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے، اور اس مقصد کے حصول کیلئے کھیلوں کے شعبے کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے انہوں نے اس موقع پر نوجوان باکسر نثار احمد کی ہر ممکن معاونت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومت باصلاحیت کھلاڑیوں کی سرپرستی جاری رکھے گی تاکہ وہ عالمی سطح پر مزید کامیابیاں حاصل کر سکیں اور ملک و قوم کا نام روشن کریں وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کھیلوں کے فروغ کے ذریعے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جائے گا اور انہیں درپیش مسائل کے حل کیلئے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسل کے چیئرمین اور نمائندگان ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو اور میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 10

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ
جلد نمبر-27 جمعرات 09 اپریل 2026ء بمطابق 20 شوال المکرم 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر-96

# پاکستان نے خطے میں کشیدگی کے خاتمے، جنگ بندی کے قیام میں فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے، بگٹی


## امریکہ اور ایران کے مابین سیز فائر کے قیام پر قومی قیادت، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش، قومی قیادت نے نہ صرف بروقت اور دانشمندانہ فیصلے کیے

## پاکستان کی متوازن اور فعال سفارت کاری نے عالمی برادری کو واضح پیغام دیا ہے کہ امن، استحکام اور مکالمہ ہی ہماری اولین ترجیح ہیں خطے میں قیام امن کی جانب اہم سنگ میل ہے

## یہ کامیابی پاکستان کے موثر بیانیہ، دانشمندانہ فیصلوں اور عالمی اعتماد کا مظہر ہے، خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششیں ایک قابل تقلید مثال بن چکی ہیں، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (ع ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امریکہ اور ایران کے مابین سیز فائر کے قیام پر قومی قیادت، وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو (بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر)

خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور جنگ بندی کے قیام میں موثر اور فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مدبرانہ قومی قیادت نے نہ صرف بروقت اور دانشمندانہ فیصلے کیے بلکہ ملک کی سفارتی ساکھ کو بھی عالمی سطح پر مزید مستحکم کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پیشہ ورانہ حکمت عملی اور بروقت اقدامات نے پورے خطے کو ایک ممکنہ بڑی تباہی سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی متوازن اور فعال سفارت کاری نے عالمی برادری کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ امن، استحکام اور مکالمہ ہی ہماری اولین ترجیح ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس متوازن سفارتی حکمت عملی کے نتیجے میں حاصل ہونے والی یہ کامیابی خطے میں مستقل قیام امن کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کوششوں کے نتیجے میں نہ صرف مکمل جنگ بندی ممکن ہوگی بلکہ پائیدار امن کے قیام کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ کامیابی پاکستان کے موثر بیانیے، دانشمندانہ فیصلوں اور عالمی اعتماد کا مظہر ہے، جسے تاریخ میں ایک نمایاں مقام حاصل رہے گا انہوں نے کہا کہ خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششیں ایک قابل تقلید مثال بن چکی ہیں اور ملک نے عالمی سطح پر قیام امن کے لیے ایک ذمہ دار اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کو ایک بڑے تصادم سے بچانے میں اپنا حصہ ڈالا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی قیادت میں جاری سفارتی کاوشیں مستقبل میں بھی تنازعات کے پرامن حل کی راہ ہموار کرتی رہیں گی اور خطے میں دیرپا امن کے قیام میں معاون ثابت ہوں گی۔


وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی محترمہ ہادیہ نواز ملاقات کر رہی ہیں


کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسل کے چیئرمین اور نمائندگان ملاقات کر رہے ہیں

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بروز جمعرات 09 اپریل 2026ء

## آرٹسٹ ویلفیئر انڈومنٹ فنڈ کو مرحلہ وار دوگنا کیا جائیگا، وزیراعلیٰ

### حکومت فنکار برادری کی سرپرستی میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی، ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے صوبے میں آرٹسٹوں کی فلاح و بہبود کے لیے آرٹسٹ ویلفیئر انڈومنٹ فنڈ میں اضافے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں فنڈ کی رقم کو مرحلہ وار دوگنا کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے یہ فیصلہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آرٹسٹ نمائندہ (بقیہ نمبر 48 صفحہ نمبر 7 پر)

وفد کی ملاقات کے دوران کیا گیا، جس میں فنکاروں کو درپیش مسائل اور ان کی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں اس امر کا بھی فیصلہ کیا گیا کہ گریڈ 16 سے کم سرکاری ملازم آرٹسٹوں کی مالی معاونت بلوچستان آرٹسٹ انڈومنٹ فنڈ کے ذریعے بدستور جاری رکھی جائے گی تاکہ مستحق فنکاروں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ صوبے کے آرٹسٹوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور حکومت فنکار برادری کی سرپرستی میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا ثقافتی ورثہ امن، رواداری اور محبت کا آئینہ دار ہے اور فنکار اس مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں انہوں نے فنکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنے فن کے ذریعے بلوچستان کا حقیقی اور مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کریں۔

## وزیراعلیٰ سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسلز کے چیئرمینز کی ملاقات

### یونین کونسلز کی سطح پر درپیش چیلنجز اور مسائل سے آگاہ کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں لوکل گورنمنٹ یونین کونسلز کے چیئرمینز اور نمائندگان نے ملاقات کی جس میں یونین کونسلز کی سطح پر درپیش چیلنجز اور مسائل سے وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یونین (بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 2 پر)

کی وفات سے ایک خلاء پیدا ہو گیا ہے جو مدتوں پُر نہیں ہو سکے گا مرحوم کی سماجی خدمات اور علاقے کے لیے ان کی کاوشیں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ غمزدہ خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ اور صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کرتے ہوئے فاتحہ خوانی بھی کی اور مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECT... GENERAL ... RELATIONS B...
نظامت اعلیٰ ... حکومت ...
Bullet No. 1
Page No. 12

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 81 | جمعرات 9 اپریل 2026ء، 20 شوال 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 98

# پاکستان نے خطے میں کشیدگی کے خاتمہ کیلئے موثر اور فیصلہ کن کردار ادا کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان

## پاکستان کی متوازن اور فعال سفارت کاری نے عالمی برادری کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ امن، استحکام اور مکالمہ ہی ہماری اولین ترجیح ہیں

### یونین کونسلز کے جائز مسائل کے حل کیلئے مؤثر اور قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امریکہ اور ایران کے مابین سیز فائر کے قیام پر قومی قیادت، وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور جنگ بندی کے قیام میں مؤثر اور فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مدبرانہ قومی قیادت نے نہ صرف بروقت اور دانشمندانہ فیصلے کیے بلکہ ملک کی سفارتی ساکھ کو بھی عالمی سطح پر مزید مستحکم کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پیشہ ورانہ حکمت عملی اور بروقت اقدامات نے پورے خطے کو ایک ممکنہ بڑی تباہی سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کی متوازن اور فعال سفارت کاری نے عالمی برادری کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ امن، استحکام اور مکالمہ ہی ہماری اولین ترجیح ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس متوازن سفارتی حکمت عملی کے نتیجے میں حاصل ہونے والی یہ کامیابی خطے میں مستقل قیام امن کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان کوششوں کے نتیجے میں نہ صرف مکمل جنگ بندی ممکن ہوگی بلکہ پائیدار امن کے قیام کی راہ بھی ہموار ہوگی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ کامیابی پاکستان کے مؤثر بیانیے، دانشمندانہ فیصلوں اور عالمی اعتماد کا مظہر ہے، جسے تاریخ میں ایک نمایاں مقام حاصل رہے گا انہوں نے کہا کہ خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مسلسل کوششیں ایک قابل تقلید مثال بن چکی ہیں اور ملک نے عالمی سطح پر قیام امن کے لیے ایک ذمہ دار اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کو ایک بڑے تصادم سے بچانے میں اپنا حصہ ڈالا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی قیادت میں جاری سفارتی کاوشیں مستقبل میں بھی تنازعات کے پرامن حل کی راہ ہموار کرتی رہیں گی اور خطے میں دیرپا امن کے قیام میں معاون ثابت ہوں گی۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں لوکل گورنمنٹ یونین کونسلو کے چیئرمینز اور نمائندگان نے ملاقات کی جس میں یونین کونسلو کی سطح پر درپیش چیلنجز اور مسائل سے وزیر اعلیٰ کو آگاہ کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یونین کونسلو کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری خزانہ کی سربراہی میں قائم اس کمیٹی میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بھی شامل ہوں گے کمیٹی مسائل کا جامع جائزہ لے کر اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور یونین کونسلو نمائندگان کو درپیش امور کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے قابل عمل سفارشات مرتب کرے گی تاکہ نچلی سطح پر مسائل کے مؤثر حل کو یقینی بنایا جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یونین کونسلو کے جائز مسائل کے حل کیلئے مؤثر اور قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ نمائندگان کی جانب سے پیش کردہ متعدد مطالبات پر حکومت پہلے ہی پیش رفت کر رہی ہے انہوں نے واضح کیا کہ کوئی ایسا وعدہ نہیں کیا جائے گا جو عملی طور پر پورا نہ کیا جا سکے، تاہم تمام جائز مطالبات پر سنجیدگی سے غور کیا جائے گا۔ مزید حکومت بلوچستان نے صوبے میں آرٹسٹوں کی فلاح و بہبود کے لیے آرٹسٹ ویلفیئر انڈومنٹ فنڈ میں اضافے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں فنڈ کی رقم کو مرحلہ وار دگنا کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے یہ فیصلہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آرٹسٹ نمائندہ وفد کی ملاقات کے دوران کیا گیا، جس میں فنکاروں کو درپیش مسائل اور ان کی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں اس امر کا بھی فیصلہ کیا گیا کہ گریڈ 16 سے کم سرکاری ملازم آرٹسٹوں کی مالی معاونت بلوچستان آرٹسٹ انڈومنٹ فنڈ کے ذریعے بدستور جاری رکھی جائے گی تاکہ مستحق فنکاروں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ صوبے کے آرٹسٹوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور حکومت فنکار برادری کی سرپرستی میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا ثقافتی ورثہ امن، رواداری اور محبت کا آئینہ دار ہے اور فنکار اس مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں انہوں نے فنکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنے فن کے ذریعے بلوچستان کا حقیقی اور مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کریں اور یہ باور کرائیں کہ بلوچستان دہشت گردی نہیں بلکہ امن، ثقافت اور محبت کی سرزمین ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آرٹسٹ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صوبے کی مثبت تاریخی شناخت کو عالمی سطح پر متعارف کرائیں۔ انہوں نے ماضی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی وی کوئٹہ سینٹر کے فنکاروں نے معیاری ڈراموں کے ذریعے نہ صرف ملک بلکہ دنیا بھر میں بلوچستان کا نام روشن کیا، اور آج بھی ایسے معیاری اور اخلاقی اقدار پر مبنی ڈرامے صوبے کے پائیدار ثقافتی تشخص کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ فنکار اس سمت میں کام کریں، حکومت بلوچستان انہیں ہر ممکن تعاون اور سرپرستی فراہم کرے گی اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری کلچر سمیت آرٹسٹ نمائندگان نے شرکت کی۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا حلیم پلازہ کے متاثرین اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے کرایہ داروں کے مسئلہ حل کرنے کیلئے درخواستیں دے رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 13

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر
جلد 29 | جمعرات 9 اپریل 2026ء | 20 شوال | 1447ھ | قیمت 15 روپے | Ph :2839851 | FaX:2839867 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10 | شمارہ 46

# بلوچستان دہشتگردی نہیں امن، ثقافت اور محبت کی سرزمین ہے، سرفراز بگٹی

**حکومت کا آرٹسٹ ویلفیئر انڈومنٹ فنڈ میں اضافے کا فیصلہ، حکومت فنکار برادری کی سرپرستی میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی، وزیراعلیٰ کی وفد سے گفتگو**

**وزیراعلیٰ سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسلوں کے چیئرمینز اور نمائندگان کی ملاقات، مسائل کے حل کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے صوبے میں آرٹسٹوں کی فلاح و بہبود کیلئے آرٹسٹ ویلفیئر انڈومنٹ فنڈ میں اضافے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں فنڈ کی رقم کو مرحلہ وار دوگنا کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آرٹسٹ نمائندہ وفد کی ملاقات کے دوران کیا گیا، جس میں فنکاروں کو درپیش مسائل اور ان کی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں اس امر کا بھی فیصلہ کیا گیا کہ گریڈ 16 سے کم سرکاری ملازم آرٹسٹوں کی مالی معاونت بلوچستان آرٹسٹ انڈومنٹ فنڈ کے ذریعے بدستور جاری رکھی جائے گی تاکہ مستحق فنکاروں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ صوبے کے آرٹسٹوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے اور حکومت فنکار برادری کی سرپرستی میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا ثقافتی ورثہ امن، رواداری اور محبت کا آئینہ دار ہے اور فنکار اس مثبت تشخص کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں انہوں نے فنکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنے فن کے ذریعے بلوچستان کا حقیقی اور مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کریں اور یہ باور کرائیں کہ بلوچستان دہشت گردی نہیں بلکہ امن، ثقافت اور محبت کی سرزمین ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں لوکل گورنمنٹ یونین کونسلوں کے چیئرمینز اور نمائندگان نے ملاقات کی جس میں یونین کونسلوں کی سطح پر درپیش چیلنجز اور مسائل سے وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یونین کونسلوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری خزانہ کی سربراہی میں قائم اس کمیٹی میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بھی شامل ہوں گے کمیٹی مسائل کا جامع جائزہ لے کر اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور یونین کونسلوں نمائندگان کو درپیش امور کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے قابل عمل سفارشات مرتب کرے گی تاکہ نچلی سطح پر مسائل کے موثر حل کو یقینی بنایا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یونین کونسلوں کے جائز مسائل کے حل کیلئے موثر اور قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے

## گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس ایک ماہ کے لیے معاف کی گئی، وزیراعلیٰ

**عارضی معافی کا بنیادی مقصد عوام کو فیول سبسڈی کے حصول میں سہولت فراہم کرنا ہے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے میں گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس سے متعلق حکومتی اقدامات کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے گاڑیوں کی ٹرانسفر فیس ایک ماہ کے لیے معاف کر دی گئی ہے۔ اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ رعایت صرف ٹرانسفر فیس تک محدود ہو گی جبکہ رجسٹریشن فیس بدستور برقرار رہے گی۔ حکومت کا یہ اقدام عوامی سہولت اور معاشی بوجھ میں کمی کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ٹرانسفر فیس میں عارضی معافی کا بنیادی مقصد عام شہریوں کو فیول سبسڈی کے حصول میں سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس حکومتی اقدام سے مستفید ہو سکیں انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ اپنی گاڑیوں کی بروقت منتقلی اپنے نام کروائیں تاکہ حکومتی سبسڈی سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکے۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو انٹرنیشنل کک باکسر نثار احمد اپنے عالمی و قومی اعزازات و شیلڈ دکھا رہے ہیں



- وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے لوکل گورنمنٹ یونین کونسل کے چیئرمین اور نمائندگان ملاقات کر رہے ہیں -

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 22 | جمعرات 09 اپریل 2026ء، 20 شوال 1447ھ | شمارہ 05

# وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے گورنمنٹ یونین کونسلز کے نمائندگان کی ملاقات

## یونین کونسلز کے جائز مسائل کے حل کیلئے مؤثر اور قابل عمل اقدامات اٹھائے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلدہ کو یہاں لوکل گورنمنٹ یونین کونسلز کے چیئرمینز اور نمائندگان نے ملاقات کی جس میں یونین کونسلز کی سطح پر درپیش

بقیہ 43 صفحہ 6 پر

چیلنجز اور مسائل سے وزیر اعلیٰ کو آگاہ کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یونین کونسلز کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کی۔ سیکرٹری خزانہ کی سربراہی میں قائم اس کمیٹی میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بھی شامل ہوں گے کمیٹی مسائل کا جامع جائزہ لے کر اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور یونین کونسلز نمائندگان کو درپیش امور کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے قابل عمل سفارشات مرتب کرے گی تاکہ نچلی سطح پر مسائل کے مؤثر حل کو یقینی بنایا جا سکے۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لوکل گورنمنٹ کونسل کے چیئرمین اور نمائندگان ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، [illegible] طارق خان مگسی ملاقات کر رہے ہیں

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1422 QUETTA Thursday April 09, 2026 / Shawwal 20, 1447 Rs: 30

# Development of sports top priority: Bugti

## Hails PM, Field Marshal Asim Munir for establishment of ceasefire between US& Iran



**Staff Report**

QUETTA: Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti on Wednesday said that provincial government is committed to developing the talents of young athletes and providing them with opportunities to move forward, and to achieve this goal, special attention is being paid to the development of the sports sector.

He said this while talking to International kickboxer Nisar Ahmed called on him here.

Member of Provincial Assembly (MPA) Engineer Zamrak Khan Achakzai was also present on the occasion.

During the meeting, Nisar Ahmed informed the Balochistan Chief Minister about his sporting journey, achievements, challenges faced and future goals.

The Chief Minister appreciated the performance of the young athlete and said that the talented athletes of Balochistan are bringing glory to the province at the national and international levels.

He said that the government is committed to developing the talents of young athletes and providing them with opportunities to move forward, and to achieve this goal, special attention is being paid to the development of the sports sector.

On this occasion, he announced all possible support to the young boxer Nisar Ahmed and said that the government would continue to patronize talented athletes so that they can achieve more successes at the global level and bring glory to the country and nation.

The Chief Minister reiterated the commitment that through the promotion of sports, the youth could be attracted towards positive activities and effective steps would be taken to solve the problems faced by them.

Moreover, Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Wednesday paid tribute to the national leadership, Prime Minister of Pakistan Muhammad Shahbaz Sharif and Field Marshal Syed Asim Munir for the establishment of a ceasefire between the United States and Iran.

He said that Pakistan, as a responsible state, has played an effective and decisive role in ending tensions in the region and establishing a ceasefire.

In a message on social networking site X, he said that Pakistan's thoughtful national leadership not only took timely and wise decisions but also further strengthened the country's diplomatic reputation at the global level.

The Chief Minister said that Field Marshal Syed Asim Munir's professional strategy and timely actions played an important role in protecting the entire region from a possible major disaster.

He said that Pakistan's balanced and active diplomacy has given a clear message to the international community that peace, stability and dialogue are our top priorities.

Mir Sarfraz Bugti said that this success is a manifestation of Pakistan's effective narrative, wise decisions and global trust, which would have a prominent place in history.

He said that Pakistan's continuous efforts to promote peace and stability in the region have become an exemplary one and the country has played a responsible and active role in establishing peace at the global level and has contributed to saving the world from a major conflict.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 09 APR 2026 Page No. 16

## وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی موثر قیادت نے ملک کا مثبت تشخص اجاگر کیا، سردار کھیتران

### جنگ بندی کا کارنامہ تاریخ کے اوراق میں ایک روشن سنگ میل کے طور پر یاد رکھا جائے گا، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی دانشمندانہ قیادت، بصیرت اور موثر قیادت کو بھی خراج تحسین پیش کیا، جس نے عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی مدبرانہ حکمت عملی نے جنگ بندی کی راہ ہموار کی، یہ کارنامہ تاریخ کے اوراق میں ایک روشن سنگ میل کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے وزیراعظم شہباز شریف کی کاوشوں کو خطے میں پائیدار امن کی کلید قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی قیادت نے سفارتی محاذ پر بہترین کارکردگی دکھائی۔ اسی طرح فیلڈ مارشل عاصم منیر کی پیشہ ورانہ بصیرت اور متوازن عسکری حکمت عملی نے ان سفارتی کوششوں کو مزید تقویت بخشی۔ وزیر برائے پی ایچ ای نے کہا کہ اسلام آباد میں 10 اپریل کو ہونے والے مذاکرات دیرپا امن کے قیام کے لئے انتہائی اہم ثابت ہوں گے۔

## 250 ارب روپے کا ترقیاتی بجٹ صوبے کیلئے ناکافی ہے، شعیب نوشیروانی

### پورٹ اور مائننگ کے شعبے چلیں تو بلوچستان کی مالی پوزیشن بہتر ہوسکتی ہے، بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ 250 ارب روپے کا ترقیاتی بجٹ ملک کے 44 فیصد رقبے کو ترقی دینے کے لیے بہت کم ہے، پورٹ اور مائننگ کے شعبے چلیں تو بلوچستان کی مالی پوزیشن بہتر ہوسکتی ہے، آئی ایم ایف کی شرائط پر آئندہ مالی سال کا بجٹ بھی مرتب ہوگا، این ایف سی ایوارڈ کے تحت بلوچستان میں غربت کے ساتھ ساتھ رقبے کو بھی ملحوظ خاطر رکھنے کا مطالبہ کریں گے، صوبوں کی کوشش ہے کہ پاکستان کے مفاد میں فیصلہ کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ کفایت شعاری مہم کے تحت بلوچستان حکومت نے موجودہ وزراء کے زیر استعمال گاڑیوں کی تعداد محدود کردی ہے حکومت الیکٹرک گاڑیوں کی جانب جارہی ہے سابق وزراء سمیت دیگر حکام کے زیر استعمال گاڑیوں کی واپسی سے متعلق فیصلے پر عملدرآمد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ کے تحت قائم گروپس کے اجلاس ہوئے ہیں اب تک ہونے والی پیش رفت سے مستقبل میں بہتری کے امکانات ہیں بلوچستان کا سب سے اہم مسئلہ غربت ہے ابھی تک ہم 1998 کے اعداد وشمار کے مطابق چل رہے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ نئے فارمولے میں بلوچستان کے رقبے کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے آنے والے اجلاس میں ہم اپنا موقف رکھیں گے۔

## پاکستان نے پورے خطے کو تباہی سے بچالیا، نور محمد دمڑ

### عالمی سطح پر سفارتکاری کی روشن مثال قائم کی، ملک کی بڑی کامیابی ہے، بیان

ہرنائی (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی دراصل بین الاقوامی سفارتکاری میں پاکستان کی ایک بڑی کامیابی ہے پاکستان نے وزیراعظم میاں شہباز شریف کی دوراندیش قیادت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ثابت قدمی میں جنگ بندی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان نے نہ صرف پورے خطے کو تباہی سے بچایا بلکہ عالمی سطح پر سفارتکاری کی روشن مثال بھی قائم کی انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سفارتی کاوشوں سے عالمی سطح پر مثبت تشخص اجاگر کررہی ہیں سیاسی وعسکری قیادت کی مدبرانہ حکمت عملی سے جنگ بندی ممکن ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے خطے میں پائیدار امن کے لیے کلیدی کردار ادا کیا، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی پیشہ ورانہ بصیرت سے سفارتی کوششوں کو تقویت ملی ہے

## شہید شیر دل ابڑو کی قربانی پر پوری قوم کو فخر ہے، صوبائی وزراء

### ضیاء لانگو ودیگر کی لواحقین سے ملاقات، بیٹے کو نائب تحصیلدار کا تقرر نامہ دیدیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان حکومت نے گزشتہ ماہ ضلع کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں شہید ہونے والے نائب تحصیلدار شیر دل ابڑو کو باضابطہ طور پر شہید قرار دیکر شہید کے بیٹے محمد علی ابڑو کو شہید کوٹہ کے تحت نائب تحصیلدار کی ملازمت کا تقرری آرڈر جاری کر دیا، جبکہ 50 لاکھ روپے کا مالی امدادی چیک بھی پیش کیا گیا گزشتہ روز صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری حاجی برکت رند، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل اور رکن صوبائی اسمبلی میر عبید گورگیج سمیت دیگر نے شہید کے لواحقین سے ملاقات کی ملاقات کے دوران صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی نے شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا، جس کے بعد شہید کے بیٹے محمد علی ابڑو کو شہید کوٹہ کے تحت نائب تحصیلدار کی ملازمت کا تقرری آرڈر اور مالی امداد کا چیک بھی پیش کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ۱

Dated: 09 APR 2026 Page No. 10

# پاکستانی قیادت کی سفارتی کامیابیاں روشن مثال ہیں، بخت محمد کاکڑ

## پاکستان نے ایران اور امریکہ جنگ کے درمیان کشیدگی کو کم کروانے میں اہم کردار ادا کیا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے قومی قیادت صدر مملکت آصف علی زرداری وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بالآخری لمحات میں پاکستان نے ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کو عارضی طور پر کم کروانے میں اہم کردار ادا کیا، جس سے دنیا ایک بڑی تباہی سے بچ گئی' دو ہفتوں کیلئے جنگ بندی ہوگئی اللہ کرے یہ عارضی جنگ بندی، مستقل جنگ بندی میں تبدیل ہو اس کامیابی کا کریڈٹ صدر آصف علی زرداری' وزیراعظم ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی قیادت کو جاتا ہے' بیان جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے امریکہ اور ایران کے مابین سیز فائر پر قومی قیادت صدر آصف علی زرداری' وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین اور امید کا اظہار کیا کہ اس جنگ کر قومی قیادت کی مخلصانہ کوششیں رنگ لائے گی پاکستان نے اس پوری صورتحال میں متوازن اور ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے جو شہید ذوالفقار علی بھٹو کی خارجہ پالیسی کی حقیقی عکاسی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے اور اس نے ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور جنگ بندی کے قیام میں مؤثر اور فیصلہ کن کردار ادا کر کے یہ ثابت کیا کہ پاکستان ایک پرامن امن پسند ملک ہے پاکستان کی ذمہ داری اور مدبرانہ قومی قیادت نے ملک کی سفارتی ساکھ کو عالمی سطح پر مزید مستحکم کیا

# بہترین سفارتکاری نے ملکی وقار بلند کیا، ولی محمد نورزئی

## یہ کامیابی عسکری اور سیاسی قیادت کے درمیان مثالی ہم آہنگی کا نتیجہ ہے

کوئٹہ (پی این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے امریکہ اور ایران کے مابین سیز فائر (جنگ بندی) کا خیر مقدم کرتے ہوئے قومی قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک تہنیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر خطے میں ......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کشیدگی کے خاتمے اور امن و امان کے قیام میں نہ صرف مؤثر بلکہ ایک فیصلہ کن کردار ادا کیا ہے، جس کی بدولت ایک ہولناک جنگ کا خطرہ ٹل گیا ہے۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ موجودہ مدبرانہ قومی قیادت نے اپنی بہترین حکمت عملی سے ملک کی سفارتی ساکھ کو عالمی سطح پر مزید مستحکم اور باوقار بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے پیشہ ورانہ اقدامات اور بروقت مداخلت نے پورے خطے کو ایک ممکنہ بڑی تباہی سے محفوظ رکھا، جو کہ پاکستان کی عسکری اور سیاسی قیادت کے درمیان مثالی ہم آہنگی کا نتیجہ ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# مشیر وزیراعلیٰ مینا مجید کا گوادر پورٹ کا دورہ

گوادر (بیورو رپورٹ) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید کے درمیان سی پی سی میں اہم ملاقات ہوئی، جس میں امور نوجوانان، گوادر سمیت بلوچستان بھر کے یوتھ سے متعلق امور اور نوجوانوں کے لیے مواقع بڑھانے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے بعد مشیر کھیل و امور بقیہ نمبر 33 صفحہ 5 پر

نوجوانان مینا مجید نے محکمہ کھیل و امور نوجوانان کے افسران اور جیونی یوتھ ... گوادر کے شرکاء کے ہمراہ گوادر پورٹ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران وفد کو بندرگاہ کی مختلف سرگرمیوں اور جاری ترقیاتی منصوبوں سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین جی پی اے کے سیکرٹری شبیر احمد بلوچ اور چیئرمین سیکرٹریٹ کے پروٹوکول آفیسر عبدالمالک داؤد نے شرکاء کو گوادر پورٹ کے مختلف حصوں کا معائنہ کرایا۔ وفد کو حالیہ بین الاقوامی کارگو شپ کی آمد، بندرگاہ کے آپریشنل امور، تجارتی سرگرمیوں اور مستقبل کے منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ شرکاء یوتھ گوادر کو گوادر پورٹ فری زون، سرمایہ کاری کے مواقع اور بندرگاہ سے وابستہ مختلف شعبوں و سہولیات کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ گوادر پورٹ خطے میں تجارت، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ جیونی یوتھ کے شرکاء نے بندرگاہ سے متعلق عملی سرگرمیوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور انتظامی و تجارتی نظام سے متعلق سوالات بھی کیے۔ شرکاء نے گوادر پورٹ کی ترقی کو بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مشیر وزیراعلیٰ مینا مجید نے کہا کہ نوجوانوں کو قومی سطح کے بڑے منصوبوں سے عملی طور پر روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ مستقبل کے معاشی مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے اور حکومت نوجوانوں کو ایسے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 2
Dated: 09 APR 2026
Page No. 19

# صوبائی قائمہ کمیٹی برائے محنت و افرادی قوت کا دو مسودہ قانون پر غور

## قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں پیش کردہ پہلا مسودہ قانون "بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی ترمیمی بل 2026 تھا

## کمیشن سرکاری اداروں سے متعلق اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے، ان کی تجاویز کو متعلقہ حکام تک پہنچانے کا ذمہ دار ہوگا

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محنت و افرادی قوت کا اجلاس زاہد علی ریکی کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں دو بلز پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اراکین اسمبلی خیر جان بلوچ اور فضل قادر مندوخیل کے علاوہ سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری محکمہ محنت و افرادی قوت نیاز احمد نیچاری، ایڈیشنل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن اور محکمہ قانون کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران دو اہم مسودہ قوانین زیر غور آئے۔ پہلا مسودہ قانون "بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی ترمیمی بل 2026" تھا۔ کمیٹی کو .........

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بتایا گیا کہ اس ترمیم کا مقصد صوبہ بھر میں قائم تمام تکنیکی تعلیمی اور فنی تربیتی اداروں کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (BTEVTA) کے مکمل کنٹرول میں لانا اور انہیں محکمہ محنت و افرادی قوت کے انتظامی دائرہ اختیار کے تحت منظم کرنا ہے۔ مزید برآں، بل میں یہ بھی تجویز کیا گیا ہے کہ وہ ملازمین جو بطور سول سرونٹس اپنی موجودہ شرائط و ضوابط پر کام جاری رکھنے کا انتخاب کریں گے، ان کے حقوق بلوچستان سول سرونٹس ایکٹ 1974 کے تحت مکمل طور پر محفوظ رہیں گے اور ان کی باہمی سنیارٹی برقرار رکھی جائے گی۔ تاہم، ریٹائرمنٹ اور ترقی کے عمل کی تکمیل کے بعد متعلقہ آسامیاں مرحلہ وار ختم ہو جائیں گی اور مستقبل میں یہ آسامیاں BTEVTA کے تحت پبلک سروس ڈھانچے میں منتقل ہو جائیں گی۔ اجلاس میں زیر غور دوسرا مسودہ قانون بلوچستان اوورسیز پاکستانیز کمیشن بل 2026 تھا۔

# ماسٹر پلان کے ذریعے کوئٹہ کو جدید خطوط پر استوار کیا جائیگا، کمشنر

## پانی کی قلت اور دیگر شہری مسائل کوئٹہ کو درپیش بڑے چیلنجز ہیں، لہٰذا ماسٹر پلان میں ان کے پائیدار حل کو ترجیح دی جائے

## اس ماسٹر پلان کے ذریعے شہری سہولیات میں بہتری، منظم توسیع اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، شاہزیب خان کاکڑ

## ٹرانسپورٹ سے متعلق اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ایسا قابل عمل حل تلاش کریں گے جس سے عوام پر اضافی بوجھ نہ پڑے

کوئٹہ(خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرصدارت کوئٹہ ماسٹر پلان کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں کوئٹہ ماسٹر پلان، سروے، ڈیجیٹل مارکنگ، جیو ٹیکنیکل ٹیسٹنگ اور ڈیجیٹلائزیشن کے عمل اور شہر کی مستقبل کی ترقی، توسیع اور بنیادی مسائل کے حل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ کیو ڈی اے اور متعلقہ کنسلٹنٹ فرم کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی.........

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

۔اجلاس کے دوران کنسلٹنٹ فرم کی جانب سے کوئٹہ ماسٹر پلان میں شارٹ ٹرم، مڈ ٹرم اور لانگ ٹرم منصوبہ بندی، لینڈ سروے رپورٹ، ڈیجیٹل میپنگ انفارمیشن سسٹم، لینڈ سروے کے نتائج، شہری حدود بندی، لینڈ یوٹیلائزیشن اور سڑکوں، سیوریج و ڈرینج نظام کی بہتری جیسے اہم نکات پر جامع بریفنگ دی گئی۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے متعلقہ فرم کو ہدایت دی کہ تمام اقدامات جلد حتمی شکل دیکر پیش کریں تاکہ ماسٹر پلان پر بروقت عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے زور دیا کہ شہر کی منصوبہ بندی آبادی اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائے

# سی پیک 'فائیو کوریڈورز' کے تحت نئی ترقیاتی حکمت عملی مرتب

## حکومت گرین ڈویلپمنٹ، انوویشن اور علاقائی روابط پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

گوادر(این این آئی) سی پیک کے "فائیو کوریڈورز" کے تحت نئی ترقیاتی حکمت عملی مرتب، گرین ڈویلپمنٹ، انوویشن اور علاقائی روابط پر خصوصی توجہ، حکومت نے سی پیک فیز ٹو میں پائیدار ترقی کیلئے "فائیو کوریڈورز" حکمت عملی کو کلیدی حیثیت دے دی ہے، جس کے تحت معیشت، ماحولیات اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں مربوط اقدامات کیے جائیں گے، احسن اقبال کی زیرصدارت اعلیٰ سطح اجلاس، صنعتی زونز، برآمدات اور سرمایہ.........

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

یہ کاری بڑھانے پر زور، اداروں کو منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت، ڈی جی جی ڈی اے نے گوادر منصوبوں پر پیشرفت سے آگاہ کیا، تفصیلات کے مطابق 8 اپریل۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت سی پیک (CPEC) فیز ٹو کے حوالے سے ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک بھر میں جاری اور مجوزہ منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سی پیک فیز ٹو کے تحت صنعتی ترقی (Industrialization)، معیشت کی مضبوطی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق اقدامات پر خصوصی غور کیا گیا۔ اس موقع پر مختلف وزارتوں اور اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 09 APR 2026 Page No. 20

# بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن کی مختلف اسامیاں مرحلہ وار ختم کرنیکی تجویز

## بی ٹیوٹا کے تحت پبلک سروس کے ڈھانچے میں منتقل ہو جائیں گی، زاہد ریکی کی زیرصدارت قائمہ کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محنت و افرادی قوت کا اجلاس میر زاہد علی ریکی کی زیر صدارت ہوا جس میں دو بلز پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اراکین خیر جان بلوچ اور فضل قادر مندوخیل سمیت سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری محکمہ محنت و افرادی قوت نیاز احمد نیچاری، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن اور محکمہ قانون کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی ترمیمی بل 2026 پر غور کیا گیا۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ اس ترمیم کا مقصد صوبے بھر میں قائم تمام تکنیکی تعلیمی اور فنی تربیتی اداروں کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے مکمل کنٹرول میں لانا اور انہیں محکمہ محنت و افرادی قوت کے انتظامی دائرہ اختیار کے تحت منظم کرنا ہے۔ بل میں یہ بھی تجویز کیا گیا کہ وہ ملازمین جو بطور سول سروس اپنی موجودہ شرائط و ضوابط پر کام جاری رکھنے کا انتخاب کریں گے، ان کے حقوق بلوچستان سول سرونٹس ایکٹ 1974 کے تحت مکمل طور پر محفوظ رہیں گے اور ان کی باہمی سنیارٹی برقرار رکھی جائے گی۔ تاہم ریٹائرمنٹ اور ترقی کے عمل کی تکمیل کے بعد متعلقہ اسامیاں مرحلہ وار ختم ہو جائیں گی اور مستقبل میں یہ اسامیاں بی ٹیوٹا کے تحت پبلک سروس کے ڈھانچے میں منتقل ہو جائیں گی۔ اجلاس میں بلوچستان اوورسیز پاکستانیز کمیشن بل 2026 پر بھی غور کیا گیا۔ کمیٹی کو آگاہ کیا گیا کہ اس بل کا مقصد بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لیے بلوچستان اوورسیز پاکستانیز کمیشن کا قیام عمل میں لانا ہے۔ یہ کمیشن سرکاری اداروں سے متعلق اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے، ان کی تجاویز کو متعلقہ حکام تک پہنچانے اور اس سلسلے میں دیگر متعلقہ امور کو نمٹانے کا ذمہ دار ہوگا۔ کمیٹی اراکین نے دونوں مسودہ قوانین کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور انہیں مزید مؤثر اور قابل عمل بنانے کے لیے اپنی آراء و تجاویز پیش کیں۔

# اساتذہ بھرتی اسکینڈل، ایس بی کے یونیورسٹی کے 2 ریکارڈ روم سیل

## اینٹی کرپشن بلوچستان نے تحقیقات مکمل کرلی، اہم شخصیات کے ملوث ہونے کا انکشاف

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اساتذہ بھرتی اسکینڈل اینٹی کرپشن نے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے دو ریکارڈ رومز سیل کر دیئے اہم شخصیات کی گرفتاریوں کا امکان، اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان نے ایس بی کے اساتذہ بھرتی اسکینڈل کی تحقیقات مکمل کرلی۔ تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ اربوں روپے کے گھپلوں میں اہم شخصیات ملوث ہیں جن کی جلدی گرفتاریوں کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اساتذہ کے لئے 8 ہزار بے روزگار نوجوانوں نے ٹیسٹ دیئے تھے جن میں سے چھ سو کل امیدواروں کو بھی مبینہ طور پر نوکریاں دی گئیں۔ ایس بی کے ملازمین، ٹھیکیداروں کو عدالت نے نوٹسز جاری کیے گئے جن میں سے عدالت میں پیش نہ ہونے والوں کے جلدی وارنٹ گرفتاری جاری کیے جائیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

# بی ایف سی حکومتی محکمہ جات اور بزنس کمیونٹی کے مابین پل ہے، قائم لاشاری

## اب کاروبار کی رجسٹریشن و لائسنس سمیت تمام تر سہولیات ون ونڈو سے ممکن ہو چکی ہیں

## چیمبر آف کامرس میں بی ایف سی ہیلپ ڈیسک قائم کر سکتے ہیں، سی ای او - بی ایف سی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری نے کہا ہے کہ بزنس فیسلیٹیشن بزنس سنٹر کا بنیادی مقصد حکومتی محکمہ جات اور بزنس کمیونٹی کے مابین رابطوں کے فقدان اور بے جا خوف کا خاتمہ ہے اب کاروبار کی رجسٹریشن لائسنس و دیگر امور یا رے تمام تر سہولیات ون ونڈو بزنس فیسلیٹیشن بزنس سنٹر کے ذریعے ممکن ہے، ہم مؤثر ٹریکنگ اور مانیٹرنگ نظام رکھتے ہیں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان فوکل پرسن کا نام دیں ہم چیمبر آف کامرس میں بی ایف سی ہیلپ ڈیسک قائم کرنے کو بھی تیار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ سیشن کے دوران کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈائریکٹر پالیسی اینڈ پلاننگ شفقت انور شاہوانی و دیگر بھی موجود تھے۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ و دیگر کا کہنا تھا کہ بلوچستان بزنس فیسلیٹیشن بزنس سنٹر کا بلوچستان کی کاروباری فضا میں ایک مثبت اور انقلابی قدم ہے جو بلوچستان میں کاروبار شروع کرنے اور اسے وسعت دینے کے دوران مختلف محکموں سے رجسٹریشن، لائسنسز اور دیگر قانونی تقاضوں کی تکمیل ایک پیچیدہ اور وقت طلب عمل رہا ہے

# 13 اپریل سے قومی پولیو مہم شروع کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر میں 13 اپریل سے سال 2026 کی دوسری قومی پولیو مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ صحت کے حکام کے مطابق، اس مہم کے دوران صوبے کے تمام اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر کے لاکھوں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے تاکہ اس موذی مرض کا جڑ سے خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔ مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ہزاروں ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 APR 2026 Page No. 21

# بلوچستان ڈیجیٹل پبلشرز فورم کی ایڈیٹرز کونسل کے مطالبات کی حمایت

**مقامی میڈیا ادارے ہزاروں افراد کے روزگار کا ذریعہ، غیر واضح پالیسی تباہ کن ثابت ہو سکتی ہے، ترجمان**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ڈیجیٹل پبلشرز فورم کے ترجمان کے مطابق مجوزہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی پر شدید تحفظات کے پیش نظر اجلاس ہوا، جس کی صدارت فورم کے صدر کوئٹہ وائس کے ایڈیٹر سید علی شاہ نے کی۔ اجلاس میں جنید بلوچ روزنامہ انتخاب، ظفر اچکزئی روزنامہ قدرت، بہرگ بلوچ روزنامہ آزادی اور روزنامہ الجزیرہ سے سہیل بلوچ نے شرکت کی۔ اجلاس میں پالیسی کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی غور کیا گیا اور اسے موجودہ شکل میں ناقص اور غیر مشاورتی قرار دیا گیا۔ فورم نے ڈیلی نیوز پیپرز ایڈیٹرز کونسل کے بیان اور مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ڈیجیٹل میڈیا کیلئے بجٹ الگ سے مختص کیا جانا چاہیے نہ کہ پرنٹ میڈیا کیلئے مختص بجٹ پر کٹ لگایا جائے کیونکہ ایسا کرنا صوبے کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 5 پر

قدیم پریس کے خاتمے کا قدم ہوگا۔ اجلاس میں ڈیجیٹل میڈیا کی مجوزہ پالیسی کا ڈرافٹ سٹیک ہولڈرز کیساتھ شیئر نہ کرنے ان کی رائے نہ لینے صرف کاغذی کارروائی کی حد تک اجلاس منعقد کرنا جس میں پالیسی کے نکات پر بھی بریفنگ نہیں دی گئی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے یکسر مسترد کیا گیا۔ فورم نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کو فوری طور پر از سر نو ترتیب دیا جائے اور اس عمل میں تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو شامل کیا جائے۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ یہ پالیسی وفاقی حکومت، پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ اور دیگر صوبوں کے فریم ورک سے ہم آہنگ ہونی چاہیے تاہم اسے کسی صورت میں پرنٹ میڈیا کے نقصان پر نافذ نہیں کیا جانا چاہیے۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ بلوچستان ملک کے حساس اور شورش زدہ علاقوں میں شامل ہے جہاں میڈیا ادارے اور صحافی طویل عرصے سے سیکورٹی خطرات اور مالی مشکلات کے باوجود اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ بین الاقوامی ادارے خصوصاً Reporters Without Borders متعدد بار اس صورتحال کی نشاندہی کر چکے ہیں کہ صوبے میں صحافی عملاً لائن آف فائر میں کام کرتے ہیں۔ فورم کے مطابق مقامی میڈیا ادارے ہزاروں نوجوانوں کے لئے روزگار کا ذریعہ ہیں اور ایسے میں سرکاری اشتہارات میں کمی یا غیر واضح پالیسی ان کے لئے تباہ کن ثابت ہو سکتی ہے۔ شرکاء نے کہا کہ ملک میں میڈیا کا مجموعی بجٹ دیگر ترقیاتی منصوبوں کے مقابلے میں نہایت کم ہے، اس لئے اس شعبے کو مزید محدود کرنا کسی طور مناسب نہیں۔ اجلاس میں تجویز دی گئی کہ میڈیا کو پرنٹ، ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا کی واضح کیٹیگریز میں تقسیم کر کے متوازن پالیسی بنائی جائے جبکہ میڈیا ورکرز کے تحفظ اور مقامی اداروں کی بقا کو یقینی بنایا جائے۔

# سیکرٹری مواصلات و تعمیرات کا چمن تا کوئلہ پھاٹک روڈ کا دورہ

**منصوبے ایک ہفتے میں مکمل اور معیار کا خیال رکھا جائے، کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، بابر خان**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے چمن پھاٹک تا کوئلہ پھاٹک روڈ منصوبے پر پیشرفت کا جائزہ لیا، اس موقع پر چیف انجینئر ای اینڈ ایم ورکس ڈویژن مہر اللہ جوگیزئی چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم ہنگورئی ایس ای کوئٹہ سٹی روڈ اکبر جان اور چیف آرکیٹیکٹ ڈاکٹر سہراب مری کے علاوہ دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران چیف انجینئر ای اینڈ ایم ورکس ڈویژن

بقیہ نمبر 38 صفحہ 5 پر

مہر اللہ جوگیزئی نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ منصوبہ اپنے تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے اور جلد ہی اسے سو فیصد مکمل کیا جائے گا، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے اس موقع پر ہدایات دیں کہ منصوبے کے آخری مراحل کے جتنے بھی کام ہیں انہیں ایک ہفتے کے اندر مکمل کیا جائے، متعلقہ منصوبے کے تحت بائی پاس کوئلہ پھاٹک پشین سٹاپ اور چمن پھاٹک کے ایریاز کو مزید وسیع کیا جائے تاکہ شہر کے گنجان آبادی والے علاقے میں ٹریفک کی روانی میں بہتری آئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مذکورہ منصوبے پر معیار کا خاص خیال رکھا جائے اس حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated 09 APR 2026 Page No. 22

# گاڑی، موٹرسائیکلوں کی فری ٹرانسفر کا آغاز کردیا گیا

## محکمہ ایکسائز میں اسپیشل ڈیسک قائم، ہفتہ بھر کام کرے گا، محمد ایوب ہزارہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن محمد ایوب ہزارہ کا کہنا ہے بلوچستان حکومت کی جانب سے گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں کی فری ٹرانسفر کا آغاز کردیا ہے عوام کی سہولت کے لیے محکمہ ایکسائز میں اسپیشل ڈیسک قائم کردیے گئے ہیں جو پورے ہفتے بشمول جمعہ ہفتہ اور اتوار کے روز بھی فرائض سرانجام دیں گے سمارٹ کارڈ اور نمبر پلیٹ کی فیس عوام کو ادا کرنا ہوگی چار ماہ کے دوران 60 زائد نمبرڈ گاڑیاں قبضے میں لیکر پولیس سمیت دیگر محکموں کو الاٹ کی گئیں ہیں صوبے سے 90فی صد پوست کی کاشت کو تلف کیا گیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنچری (باقی صفحہ 5 نمبر 42)

### ایکسپریس سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ڈی جی

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن محمد ایوب ہزارہ کا کہنا تھا پٹرولیم کی مصنوعات میں اضافے کے بعد حکومت نے گاڑیوں اور موٹرسائیکل مالکان کو فیول سبسڈی دینے کا اعلان کیا لیکن کوئٹہ سمیت بلوچستان میں زیادہ تر افراد نے گاڑیوں اور موٹرسائیکل اپنے نام نہیں کررکھی جس پر محکمہ ایکسائز نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ایک پروپوزل بھیجا کہ عوام کے لیے گاڑیوں کی فری ٹرانسفر کے لیے پیکج کا اعلان کیا جائے جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایک ماہ کے لیے فری ٹرانسفر کا اعلان کیا اس کے بعد محکمہ ایکسائز نے چھ اپریل سے کوئٹہ سمیت صوبہ بھر میں فری ٹرانسفر کا آغاز کردیا ہے عوام کی سہولت کے لیے اسپیشل ڈیسک قائم کیے ہیں۔ سمارٹ کارڈ کی فیس دو ہزار دو سو پچاس روپے اور نمبر پلیٹ کی 1800 روپے ہے جبکہ ان رجسٹرڈ گاڑیوں اور موٹرسائیکل فری ٹرانسفر اسکیم میں شامل نہیں ہیں ایکسائز نے ٹریفک پولیس کے ساتھ ملکر ان رجسٹرڈ گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں کے خلاف کاروائیاں شروع کیں اس مہم کے دوران سینکڑوں گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں کی رجسٹرڈ کی گئیں۔

# آر ڈی ایم سی کا نوکنڈی کے طلباء کیلئے اسکالرشپ کا اعلان

## منتخب طلباء کیلئے معلومات سیشنز کے بعد طلباء کوئٹہ روانہ ہوگئے

### تعلیم کو کمپنی کے کیمونٹی انویسٹمنٹ پروگرام میں اولین ترجیح حاصل ہے، عیسیٰ طاہر

کوئٹہ (پ ر) ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) نے اپنے منصوبے سے ملحقہ علاقوں میں قائم کمپنی کے تعاون سے چلنے والے اسکولوں سے پرائمری تعلیم مکمل کرنے والے 23 طلباء کے لئے اسکالرشپ کا اعلان کیا ہے، جن میں ایک طالبہ بھی شامل ہے۔ اس سلسلے میں اسکالرشپ حاصل کرنے والے طلباء کے لئے، آر ڈی ایم سی کے پارٹنر ادارے پیروگریسو ایجوکیشن نیٹ ورک (پین) کے نوکنڈی دفتر میں تعارفی اور معلوماتی سیشنز منعقد کیے گئے۔ ان سیشنز میں ڈوربن چاہ، ہیمئے، مشکی چاہ، ٹوکچاہ اور تنگ کچاہ سے منتخب طلباء نے شرکت کی۔ اس موقع پر آر ڈی ایم سی کے کیمونٹی ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ کے نمائندوں اور پین کی ٹیم نے طلباء کو اسکالرشپ پروگرام اور ان کے تعلیمی سفر کے اگلے مرحلے سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ تعارفی سیشن کے بعد طلباء پروگرام اسٹاف کے ہمراہ کوئٹہ روانہ ہو گئے۔ تعلیم کی بہتری کے لیے آر ڈی ایم سی کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے کیمونٹی انویسٹمنٹ لیڈ محمد عیسیٰ طاہر نے کہا کہ کمپنی کے کیمونٹی انویسٹمنٹ پروگرام کے تحت تعلیم کو ہمیشہ اولین ترجیح حاصل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان علاقوں میں جہاں ماضی میں تعلیم تک رسائی محدود تھی، ایسے اقدامات مواقع، خودمختاری اور طویل المدتی ترقی کے مواقع فراہم کررہے ہیں۔ دور دراز دیہات سے معیاری تعلیمی اداروں تک طلباء کا یہ سفر اس بات کا ثبوت ہے کہ تعلیم اب محض ایک خواب نہیں بلکہ ایک قابل حصول اور مؤثر حقیقت بن چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسکول سطح پر اقدامات کے علاوہ، آر ڈی ایم سی ضلع چاغی اور پورے بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیمی مواقع بھی فراہم کررہی ہے۔ سکھر آئی بی اے یونیورسٹی کے اشتراک سے اس وقت دس طلباء جیولوجی اور انجینئرنگ کے شعبوں میں اسکالرشپس کے تحت تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ مزید برآں، آر ڈی ایم سی نے آئی بی اے کے فاؤنڈیشن سمسٹر اسکالرشپ کے ذریعے 52 طلبہ کی معاونت کی ہے، ان اقدامات کا مقصد تعلیمی تسلسل کو یقینی بنانا اور نوجوانوں کو قومی سطح پر مقابلہ کرنے کے لیے ضروری علم اور مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے۔ اس پرائمری اسکول اسکالرشپ مرحلے کی تکمیل کے ساتھ، آر ڈی ایم سی کا تعلیمی سال 2026 کے لئے اسکول اور یونیورسٹی دونوں سطحوں پر جاری تمام اسکالرشپ پروگرام مکمل ہوگئے ہیں۔ جبکہ رواں سال 2026 کے آخر تک اگلے سال 2027 کے لئے اسکول اور یونیورسٹی سطح پر اسکالرشپس کا اعلان متوقع ہے جس کا اعلان آر ڈی ایم سی کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کیا جائے گا۔ تمام اسکالرشپس میرٹ کی بنیاد پر انتخاب، تعلیمی کارکردگی اور دستیاب نشستوں سے مشروط ہوں گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated 09 APR 2026 Page No. 23

# نوجوانوں کو علم کی جانب راغب کرنا روشن مستقبل کی ضمانت ہے، مولانا ہدایت الرحمن

## نفرت، جہالت، تعصب، ظلم و جبر اور لاقانونیت جیسے ناسوروں کا راستہ صرف تعلیم اور صحت مند سرگرمیوں سے روکا جاسکتا ہے

### اگر نوجوانوں کو مثبت مواقع میسر ہوں تو وہ معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے ہاتھوں میں کتاب دے کر ہی ہم ایک بہتر اور روشن مستقبل کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ نفرت، جہالت، تعصب، ظلم و جبر اور لاقانونیت جیسے ناسوروں کا راستہ صرف تعلیم، صحت مند سرگرمیوں، کھیلوں کے فروغ اور امن کے قیام کے ذریعے روکا جاسکتا ہے۔ اگر نوجوانوں کو مثبت مواقع میسر ہوں تو وہ معاشرے کی تعمیر میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر فیسٹیول کے موقع پر مختلف کھیلوں میں نمایاں کارکردگی......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

دکھانے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے تاہم وسائل کی کمی، تعلیمی پسماندگی اور کھیلوں کی بنیادی سہولیات کے فقدان کی وجہ سے یہ صلاحیتیں پوری طرح سامنے نہیں آ پاتیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے سنجیدگی سے تعلیمی اداروں کی بہتری، کھیلوں کے میدانوں کی بحالی اور جدید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبے کے اکثر علاقوں میں تعلیمی ڈھانچہ کمزور ہے، سکولوں اور کالجوں کی کمی، اساتذہ کی عدم دستیابی اور بنیادی سہولیات کا فقدان نوجوانوں کو مایوسی کی طرف دھکیل رہا ہے۔ اگر ہم نے اس صورتحال کو بہتر نہ کیا تو یہ خلا شدت پسندی اور منفی سرگرمیوں کو جنم دے سکتا ہے۔

# ہم باچا خان کے مشن کی تکمیل کیلئے میدان عمل میں ڈٹے ہیں، زمرک اچکزئی

## اے این پی اصولوں کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور پشتونوں کے حقوق کے تحفظ سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گی

### ہم نے ماضی میں بھی پورے پاکستان میں پشتونوں کے حقوق کی آواز بلند کی اور آئندہ بھی یہ جدوجہد جاری رکھیں گے

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ اے این پی اصولوں کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور فخر افغان باچا خان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے پشتونوں کے حقوق کے تحفظ سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ماضی میں بھی پورے پاکستان میں پشتونوں کے حقوق کی آواز بلند کی اور آئندہ بھی یہ جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ فخر افغان باچا خان کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ہم میدانِ عمل میں نکل چکے ہیں اور پشتون قوم سے......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

اپیل کرتے ہیں کہ وہ متحد ہو کر اس جدوجہد میں ہمارا ساتھ دے۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقے میں ترقی و خوشحالی کے لیے وہ ضلع قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہیں اور عوام کے مسائل براہ راست سن کر ان کے حل کے لیے اقدامات اٹھاتے ہیں۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ باچا خان کے پیروکار ہونے کے ناطے عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اور انتخابی وعدوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کو مایوس نہیں کیا جائے گا اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کی بھرپور کوشش جاری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اس پر پورا اترنے کے لیے دن رات محنت کر رہے ہیں اور حلقے میں ریکارڈ ترقیاتی کاموں کی بدولت علاقے کی صورتحال میں واضح بہتری آ رہی ہے۔

# غیر ذمہ دارانہ حکومتی پالیسیوں نے عوامی زندگی اجیرن کردی، مولانا عبدالواسع

## بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے عام آدمی کی زندگی کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے

### اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، قوت خرید میں نمایاں کمی اور بے روزگاری کی بڑھتی ہوئی شرح ناقابل برداشت ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ موجودہ حکومت کی غیر ذمہ دارانہ معاشی پالیسیوں، بے قابو مہنگائی، بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے عام آدمی کی زندگی کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، قوت خرید میں نمایاں کمی اور بے روزگاری کی بڑھتی ہوئی شرح نے عوام کو معاشی دباؤ، اضطراب اور بے چینی کی کیفیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ انہوں نے اس صورتحال کو "معاشی استحصال" اور "عوامی استبداد" قرار دیتے ہوئے کہا کہ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ مزید برآں انہوں نے حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ عالمی منڈیوں میں تیل کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کے ثمرات فوری طور پر عوام تک منتقل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بین الاقوامی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی واقع ہوتی ہے تو اس کا براہ راست فائدہ عوام کو ملنا چاہیے، نہ کہ اسے ٹیکسوں اور لیویز کی آڑ میں روک لیا جائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated 09 APR 2026 Page No. 24

## میر شفیق الرحمان مینگل کیساتھ تعلق تاریخی نوعیت کا ہے، نواب زہری

### علاقائی ترقی کیلئے انکے کیساتھ ہمہ وقت کھڑے رہیں گے، چیف آف جھالاوان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کے اعزاز میں واحد بازازی کے مقام پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و نامزد امیدوار حلقہ این اے 256 میر شفیق الرحمٰن مینگل کی جانب سے پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ واحد بازازی آمد پر نواب ثناء اللہ خان زہری اور نوابزادہ امیر حمزہ زہری کا نہایت پر ......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

تپاک اور شاندار استقبال کیا گیا۔ قافلے میں شامل گاڑیوں پر گل پاشی کی گئی، جبکہ بچوں اور بچیوں نے پھولوں کے خوبصورت گلدستے پیش کر کے مہمانوں کو خوش آمدید کہا، جس سے انتہائی خوشگوار اور جشن کا منظر پیش کرنے لگی اس موقع پر سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات دیکھنے میں آئے۔ قافلے کے

راستوں اور قریبی پہاڑی چوٹیوں پر میر شفیق الرحمٰن مینگل کے محافظ تعینات رہے، جنہوں نے پورے علاقے کو اپنے حصار میں لیے رکھا اور امن و امان کو یقینی بنایا ظہرانے میں مہمانوں کی تواضع روایتی بلوچی پکوانوں سے کی گئی، جن میں خاص طور پر لذیذ سجی، بلوچی کرنو اور دیگر مقامی لوازمات شامل تھے، جنہوں نے مہمان نوازی کی خوبصورت روایت کو اجاگر کیا دورے کے دوران میر شفیق الرحمٰن مینگل نے نواب ثناء اللہ خان زہری اور نوابزادہ امیر حمزہ زہری قدیم بندوقیں جبکہ نوابزادہ امیر حمزہ زہری کو ایک خوبصورت پالتو گھوڑا بطور تحفہ پیش کیا، جو قبائلی روایات اور باہمی احترام کی عکاسی کرتا ہے

## نواب زہری کی وڈھ آمد دیرینہ تاریخی تعلقات کی تجدید ہے

### چیف آف جھالاوان اور میر شفیق الرحمٰن مینگل کی بصیرت نے باہمی تعلق کو نئی جلا بخشی

### یہ پیش رفت جھالاوان کے سیاسی منظرنامے میں اہم سنگ میل ہے، میر نصیر خان مینگل

کوئٹہ / کراچی (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر محمد نصیر خان مینگل نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مرحوم سردار دودا خان زہری اور مرحوم حاجی میر لیک محمد مینگل کی رفاقت جھالاوان کی قبائلی، سماجی اور سیاسی تاریخ کا ایک سنہرا باب رہا ہے جو باہمی اعتماد، روایات کی پاسداری، عزت و احترام اور مشترکہ قبائلی اقدار پر مبنی ایک مضبوط اور پائیدار تعلق تھا جس نے اپنے دور میں علاقے میں استحکام، ہم آہنگی اور بھائی چارے کو فروغ دیا۔ انہوں ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ ماضی کی یہی مضبوط بنیادیں آج بھی جھالاوان کے امن اور ترقی کے لیے مشعل راہ ہیں، اور یہ بات انتہائی حوصلہ افزا ہے کہ اسی تاریخی اور قابل فخر رفاقت کو چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری اور میر شفیق الرحمٰن مینگل نے نئے جذبے، سیاسی بصیرت اور قبائلی شعور کے ساتھ دوبارہ زندہ کر دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میر شفیق الرحمٰن مینگل کی خصوصی دعوت پر چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کا واحد بازازی آمد محض ایک رسمی دورہ نہیں بلکہ ماضی کے دیرینہ تعلقات کی باضابطہ تجدید اور ایک نئے باب کے آغاز کا واضح اعلان تھا۔ میر محمد نصیر خان مینگل نے مزید کہا کہ یہ روایتی دورہ اس بات کی علامت ہے کہ دونوں رہنما اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے نہ صرف روایتی رشتوں کو بحال کر رہے ہیں بلکہ انہیں موجودہ حالات کے مطابق مزید مضبوط اور موثر بھی بنا رہے ہیں۔

## بلوچستان کی سرزمین بھائی چارے کی علامت رہی، ڈاکٹر مالک بلوچ

### ایسٹر خوشیوں اور محبت کا پیغام، رواداری کا درس دیتا ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

### نیشنل پارٹی کی واضح پالیسی ہے کہ عوام کی حق حاکمیت ہی اصل اہمیت رکھتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ ایسٹر کا تہوار خوشی، امید اور انسانیت کی خدمت کا پیغام دیتا ہے۔ بلوچستان کی سرزمین ہمیشہ سے بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کی علامت رہی ہے، اور ہم اس خوشی کے موقع پر اپنے مسیحی بھائیوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ایسٹر کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ تقریب سے نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ صوبائی جنرل سیکرٹری ایڈوکیٹ چنگیز حئی بلوچ ممبر مرکزی کمیٹی چیرمین محراب بلوچ صوبائی قانون ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری انیل غوری ضلعی نائب صدر حنیف کاکڑ نے بھی خطاب کیا۔ تقریب کے اختتام کے فرائض ضلعی جنرل سیکرٹری ریاض زہری نے سر انجام دیے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے انیل غوری اور دیگر ساتھیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اس خوشی میں سب کو شامل کر کے محبت اور یکجہتی کی بہترین مثال قائم کی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان وسائل سے مالا مال خطہ ہے مگر یہاں ایک باشعور، منظم اور حقیقی عوامی نمائندہ سیاسی جماعت کی کمی شدت سے محسوس کی جاتی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated 09 APR 2026 Page No. 25

# کیچ: آل پارٹیز کا اجلاس، عبدوئی سمیت دیگر بارڈر پوائنٹس کھولنے کا مطالبہ

مشرق وسطیٰ میں کشیدہ صورتحال کے براہ راست منفی اثرات سرحدی اضلاع پر مرتب ہو رہے ہیں، مہنگائی میں ہوشربا اضافہ ہو چکا ہے، فدا جان بلیدی

گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن کے عمل پر اظہار تشویش، متعلقہ حکام کو بارہا آگاہ کرنے کے باوجود شنوائی نہیں ہو رہی ہے

تربت (نمائندہ انتخاب) آل پارٹیز کیچ کا اجلاس نیشنل پارٹی کے رہنما ڈپٹی کنوینر فدا جان بلیدی کی زیر صدارت نیشنل پارٹی ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں ضلع کی مجموعی عوامی مسائل و صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ موجودہ بین الاقوامی کشیدہ صورتحال کے باعث پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس کے براہ راست منفی اثرات سرحدی علاقوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔ آل پارٹیز کے رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ کیچ ایک سرحدی ضلع ہے اور یہاں کے عوام کا روزگار بڑی حد تک بارڈر تجارت سے وابستہ ہے۔ لہٰذا ضلعی انتظامیہ فوری طور پر عبدوئی بارڈر سمیت کیچ

بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

کے تمام بارڈر پوائنٹس کھولنے کے لیے عملی اقدامات کرے، تاکہ عوام کو درپیش معاشی مشکلات میں کمی لائی جا سکے۔ اجلاس میں ضلع کیچ کے پولیس کی جانب سے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن کے عمل پر بھی شدید عدم اطمینان اور تشویش کا اظہار کیا گیا۔ آل پارٹیز کے رہنماؤں نے کہا کہ انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے بجائے مزید پیچیدگیاں اور بے چینی پیدا کر رہی ہے، جو باعث افسوس ہے۔ اجلاس کے شرکاء نے واضح کیا کہ اس اہم عوامی مسئلے پر ضلعی پولیس سے متعدد بار ملاقاتیں کی گئیں اور رجسٹریشن کے حوالے سے عوامی تحفظات اور مشکلات سے انہیں آگاہ کیا گیا، اور تجاویز پیش کی گئیں۔ آل پارٹیز کیچ نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر بارڈر پوائنٹس کی بحالی اور رجسٹریشن کے عمل میں آسانی پیدا کرنے کے لیے سنجیدہ و عملی اقدامات کرے، تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا بروقت ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔ اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نواب شمبے زئی، بی این پی عوامی کے رہنما خان محمد جان، جمعیت علمائے اسلام کے رہنما عبدالحفیظ سیگل، جماعت اسلامی کے رہنما غلام یاسین، نیشنل پارٹی کے رہنما محمد جان دشتی، مرکزی اہلحدیث کے رہنما سعید احمد عمرانی، انجمن تاجران کے رہنما نثار احمد، نیشنل پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری سرتاج گچکی اور مشکل مراد نے شرکت کی۔

## تربت، رحمت صالح سے نیشنل پارٹی اور بی ایس او پجار کے رہنماؤں کی ملاقات

موجودہ سیاسی صورتحال، چیلنجز اور تعلیمی مسائل و نوجوانوں کے کردار پر تفصیلی تبادلہ خیال

تربت (نمائندہ انتخاب) رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کے ضلع کیچ کے دورے کے موقع پر نیشنل پارٹی اور بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پجار کی مرکزی قیادت کے درمیان ملاقات ہوئی، جس میں موجودہ سیاسی صورتحال، بلوچستان کو درپیش چیلنجز، تعلیمی مسائل اور نوجوانوں کے کردار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، تعلیمی ترقی اور سیاسی استحکام کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا اور باہمی رابطوں کو مزید مضبوط بنانا ناگزیر ہے۔ اس موقع پر طلباء کو درپیش مسائل کے حل اور ان کی مؤثر نمائندگی کو یقینی بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ ملاقات

بقیہ نمبر 37 صفحہ 5 پر

میں نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما شکور انور، سینئر رہنما محمد جان دشتی، نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی صالح بلوچ، بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (پجار) کے صوبائی سیکرٹری جنرل شے مرید رشید بلوچ، اور گہرام رحمت اور دیگر ذمہ داران شریک تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated 09 APR 2026 Page No. 26

# چھتر، اسکول ٹیچر کو مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر اغوا کرلیا

## طلباء، اساتذہ اور اہل علاقہ میں شدید خوف وہراس پھیل گیا

## ملزمان گاڑی میں ڈال کر نامعلوم مقام کی طرف فرار ہوگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے علاقے چھتر میں دوران درس و تدریس پرائمری اسکول ٹیچر کو مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر اغوا کرلیا طلباء، اساتذہ اور اہل علاقہ میں شدید خوف وہراس پھیل گیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر پولیس تھانے کی حدود گورنمنٹ پرائمری اسکول گوٹھ محمد بخش جتوئی میں نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر ٹیچر محمد بچل بھٹی کو اس وقت اغوا کیا جب وہ درس و تدریس میں مصروف تھے طلباء کے مطابق ملزمان نے اس کو سکول سے گھسیٹتے ہوئے گاڑی میں ڈال کر نامعلوم مقام کی طرف فرار ہوگئے واقعے کے بعد طلبا اساتذہ اور اہل علاقے میں خوف وہراس کی فضاء پھیل گئی جبکہ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی آڈیٹر اصف عظیم عمرانی نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دن دھاڑے معزز استاد کا اغوا لمحہ فکریہ ہے مغوی ٹیچر کو فوری طور پر بازیاب کیا جائے اور واقعے میں ملوث اغواء کاروں کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

# والبندین، ہندو تاجر کی دکان میں ڈکیتی کیخلاف شٹر ڈاؤن

چاغی (نامہ نگار) دالبندین میں ہندو تاجر کے ساتھ پیش آنے والے ڈکیتی کے واقعے کے خلاف تنظیم انجمن تاجران پاکستان، ہندو پنچایت، سیاسی و مذہبی جماعتوں اور علاقائی قوتوں کی کال پر دالبندین شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال، انتظامیہ کو ایک ہفتے کا الٹی میٹم، جمعیت علماء اسلام کے رہنما و سابق صوبائی وزیر حاجی میر امان اللہ نوتیزئی کی قیادت میں بقیہ نمبر15 صفحہ 5 پر

شہر میں گشت، ہڑتال کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر محمد بخش بلوچ، سینئر نائب صدر سردار عبدالخالق نوتیزئی، نائب صدر حاجی دین جان مینگل، فنانس سیکرٹری شیر دل جان سالاری، جمعیت علماء اسلام کے ضلعی ترجمان حافظ علی محمد بڑیچ، تنظیم تاجران پاکستان کے وائس چیئرمین حاجی آغا محمد حسنی، حافظ اسماعیل کورگیج، بابائے چاغی نیشنل کے ترجمان اجمل نوتیزئی، میر الہی بخش نوتیزئی، عبداللہ سالاری، ہندو پنچایت کے شیتل داس سمیت دیگر موجود تھے۔ رہنماؤں نے سابق صوبائی وزیر حاجی میر امان اللہ خان نوتیزئی کی سربراہی میں مندر میں جاکر ہندو برادری سے اظہار یکجہتی اور اپنی طرف سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا۔ سابق صوبائی وزیر حاجی میر امان اللہ خان نوتیزئی اور سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، انجمن تاجران اور ہندو پنچایت نے ای ایس پی چاغی عابد شیرزئی اور ایس ایچ او دالبندین عبدالوحید بلوچ سے ملاقات کی۔ افسران نے رہنماؤں کے خدشات و تحفظات سنے اور چوروں کی گرفتاری کیلئے ایک ہفتے کی مہلت دی۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ پولیس چوروں کو ایک ہفتے میں گرفتار کرکے ہندو تاجر کو انصاف فراہم کرے بصورت دیگر سخت لائحہ عمل اپنایا جائیگا۔

# خاران، نامعلوم افراد کا ایف اے او کی گاڑی پر حملہ

## دو افراد علی اور سلطان زخمی، تشویشناک حالت میں کوئٹہ منتقل، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کردی

خاران (یو این اے) خاران کے علاقے نوروز قلات اور چکمن کے درمیان نامعلوم مسلح افراد نے ایف اے او کی گاڑی پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار علی اور سلطان نامی دو افراد گولیوں کی زد میں آکر شدید زخمی ہوگئے۔ واقعے کے فوراً بعد مقامی انتظامیہ اور ریسکیو اہلکاروں نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال خاران منتقل کیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق دونوں زخمیوں کی حالت تشویشناک تھی، جس کے باعث انہیں ہسپتال میں بقیہ نمبر39 صفحہ 5 پر

ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج معالجے کے لئے کوئٹہ منتقل کردیا گیا دوسری جانب لیویز اور پولیس نے واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے کی ناکہ بندی کرکے نامعلوم حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی۔

# ڈی ایم جمالی، پولیس نے مطلوب روپوش ملزم گرفتار کرلیا

بابا کوٹ (یو این اے) ڈی آئی جی نصیر آباد کیپٹن (ر) عاصم خان اور ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات و احکامات کی روشنی میں سی آئی اے نصیر آباد کی کارروائی ایس ڈی پی او سرکل سٹی محمد حسن سوہگی کی نگرانی میں قائم مقام انچارج سی آئی اے نصیر آباد اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد انور لہڑی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے بقیہ نمبر32 صفحہ 5 پر

پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کے مقدمے میں مطلوب روپوش ملزم محمد جان ولد سانول خان قوم ابڑو ساکن ڈیرہ مراد جمالی کو گرفتار کرکے مزید کارروائی کے لیے سٹی پولیس کے حوالے کردیا۔

# کوئٹہ، مسافر کے قبضے سے 29.789 ملین ایرانی ریال برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے مسافر سے 29.789 ملین ایرانی ریال ضبط کرلیے۔ کسٹمز حکام کے مطابق مذکورہ مسافر بغیر کسی ڈیکلریشن کے رقم بیرون بقیہ نمبر51 صفحہ 5 پر

ملک منتقل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران کسٹمز ٹیم نے بروقت مداخلت کرتے ہوئے اس غیر قانونی منتقلی کو ناکام بنادیا۔ ضبط شدہ ایرانی ریال کی مالیت کروڑوں روپے کے قریب بتائی جارہی ہے، جو غیر قانونی تجارت اور کرنسی اسمگلنگ کے ایک منظم نیٹ ورک کی نشاندہی کرتی ہے۔ کلکٹر کسٹمز نے اس کامیاب آپریشن پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کسٹمز انفورسمنٹ اسمگلنگ کے خلاف مکمل طور پر پرعزم ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 09 APR 2026 Page No. 27

# کوئٹہ میں چوری ڈکیتی کی بڑھتی وارداتوں کا سدباب کیا جائے، علاقہ مکین

مسلح افراد دہاڑے نوجوانوں کو زخمی کرکے موٹر سائیکلیں چھین کر فرار ہوجاتے ہیں

وارداتوں والے علاقوں میں فوری طور پر گشت بڑھایا جائے، مکینوں فیض اللہ و دیگر کی مشرق سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، متعلقہ پولیس حکام علاقے میں فوری طور پر گشت بڑھایا جائے علاقہ مکینوں کی اپیل، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے ریسانی روڈ کے رہائشی فیض اللہ و دیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ کے علاقے ریسانی روڈ میں ایک بار پھر چوری کی واردات پیش آئی، جہاں ایک ہی رہائشی کالونی سے نامعلوم افراد چوتھی دفعہ دن دیہاڑے موٹر سائیکل چوری کرکے فرار ہوگئے ہیں علاقہ مکینوں کے مطابق گزشتہ کچھ عرصے سے اسی کالونی میں چوری کے واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے جس کی وجہ سے رہائشی پریشانی کا شکار ہیں، علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بار بار ہونے والی وارداتوں کے باوجود سیکیورٹی کے موثر انتظامات دکھائی نہیں دے رہے۔ مکینوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں پولیس گشت بڑھائی جائے اور چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کا نوٹس لیا جائے تاکہ شہریوں کے مسائل کم ہوسکیں۔

INTEKHAB QUETTA

# حب: اسٹریٹ کرائمز جاری، پولیس خاموش، عوام میں خوف و ہراس

مختلف علاقوں میں سرعام لوگوں کو قیمتی اشیاء سے محروم کیا جارہا ہے، گزشتہ روز بھی متعدد علاقوں میں وارداتیں، عوامی حلقوں کا اعلیٰ پولیس حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

حب (نمائندہ انتخاب) حب شہر میں چور، ڈکیت اور جیب کترے گروہ سرگرم، جیب کتروں نے شہری کا جیب کاٹ کر نقدی اور پاسپورٹ سے محروم کردیا جبکہ چڑھائی امین شیخ گوٹھ کے قریب نامعلوم مسلح ڈکیتوں نے ایک شہری سے گن پوائنٹ پر موبائل فون چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جبکہ حب پولیس وارداتوں پر کنٹرول پانے میں ناکام اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ گزشتہ روز حب شہر رند مارکیٹ میں نامعلوم جیب کتروں نے ایک شہری کا جیب کاٹ کر نقدی رقم اور پاسپورٹ سے محروم کردیا جبکہ حب کے علاقہ چڑھائی امین شیخ گوٹھ کے قریب نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے ایک شہری سے گن پوائنٹ پر موبائل فون چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے حب میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں پر شہریوں میں تشویش پایا جاتا ہے اس حوالے سے شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ حب پولیس چوری ڈکیتی کی وارداتوں کی روک تھام میں ناکام ہوچکی ہے اور چور لیٹرے اسٹریٹ کرمنلز شہریوں سے لوٹ مار کرکے انہیں قیمتی موبائل فونز اور

بقیہ نمبر 35 صفحہ 5 پر

نقدی رقم سے محروم کررہے ہیں انہوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

# گوادر، ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ، انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

منافع خور من مانے نرخ وصول کرنے لگے، انتظامیہ خاموش، ریلیف دیا جائے، عوامی حلقے

گوادر (این این آئی) ضلع گوادر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں من مانا اضافہ، مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری عروج پر، شہری پریشان، فوری نوٹس لے کر ریلیف دینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں اچانک دوگنا اضافہ ہوگیا جس کے باعث شہری

بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر

شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ ذرائع کے مطابق گیس کی مصنوعی قلت پیدا کرکے منافع خور من مانے نرخ وصول کررہے ہیں جس سے عوام کی زندگی اجیرن ہوگئی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ چند روز کے دوران ایل پی جی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا جبکہ مارکیٹ میں گیس کی دستیابی بھی محدود کردی گئی۔ مقامی افراد کے مطابق بااثر مافیا کھلے عام ذخیرہ اندوزی کرکے مہنگے داموں گیس فروخت کررہا ہے، تاہم متعلقہ انتظامیہ اس صورتحال پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ عوامی حلقوں نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ فوری نوٹس لیتے ہوئے ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے اور ایل پی جی کی قیمتوں کو کنٹرول کرکے عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔

# صوبے بھر کے سرکاری اسکولوں میں کتب کی کمی، طلبہ کو مشکلات

مفت کتابوں کے بجائے والدین سے ہزاروں روپے طلب کرنے کا انکشاف، وزیراعلیٰ اور وزیر تعلیم سے فوری نوٹس کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) حکومتِ بلوچستان کی جانب سے شروع کی گئی تعلیمی داخلہ مہم دھرے کی دھرے رہ گئی ہے اور صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر کے سرکاری اسکول درسی کتابوں کی شدید قلت کا شکار ہیں۔ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی جانب سے کتابوں کی ترسیل میں مبینہ کرپشن اور گھپلوں کی وجہ سے تعلیمی سال کا آغاز ہونے کے باوجود طلبہ تاحال کتابوں سے محروم ہیں۔ ذرائع کے مطابق، کوئٹہ کے تاریخی گورنمنٹ سنڈیمن ہائی اسکول سمیت صوبے کے بیشتر تعلیمی اداروں میں کتابیں نہیں پہنچ سکی ہیں، جس کے باعث طلبہ کا قیمتی تعلیمی وقت ضائع ہو رہا ہے اور اساتذہ و والدین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ والدین نے انکشاف کیا ہے کہ ایک طرف تو کتابیں دستیاب نہیں ہیں اور دوسری طرف کئی اسکولوں میں مفت کتابوں کی مد میں والدین سے ایک ہزار روپے تک طلب کیے جا رہے ہیں، جو کہ حکومتی دعوؤں کی کھلی نفی ہے۔ اسکول انتظامیہ کی جانب سے والدین کو 'آئندہ ہفتے' کا لالی پاپ دیا جا رہا ہے، تاہم عملی طور پر کوئی پیش رفت نظر نہیں آرہی۔ درسی کتب کی عدم فراہمی اور ٹیکسٹ بک بورڈ کی نااہلی نے غریب طلبہ کا مستقبل داؤ پر لگا دیا ہے۔ متاثرہ والدین اور شہری تنظیموں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی اور کور کمانڈر بلوچستان سے اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ٹیکسٹ بک بورڈ میں ہونے والی کرپشن کی تحقیقات کی جائیں اور تعلیمی داخلہ مہم کو صرف اشتہارات تک محدود رکھنے کے بجائے اسکولوں میں کتابوں کی فوری اور بلا معاوضہ فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ بچوں کا تعلیمی سال ضائع ہونے سے بچ سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB HUB

Bullet No. 5 Dated: 0 8 APR 2026 Page No. 28

# آٹے کا بحران شدت اختیار کر گیا، قیمت 175 روپے فی کلو ہو گئی

## پنجاب سے سپلائی بند، پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے اور ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے نے عوام کی مشکلات بڑھا دیں، رپورٹ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جہاں پنجاب سے آٹے کی سپلائی بند ہونے کے بعد فی کلو آٹے کی قیمت 175 روپے تک جا پہنچی ہے۔ اس اچانک اضافے نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے اور روزمرہ زندگی متاثر ہو کر رہ گئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں آٹے کی بڑی مقدار پنجاب سے سپلائی کی جاتی ہے، تاہم حالیہ دنوں میں مختلف وجوہات کی بنا پر یہ سپلائی معطل ہو گئی ہے، جس کے باعث مارکیٹ میں آٹے کی قلت پیدا ہو گئی ہے۔ طلب اور رسد کے اس عدم توازن نے قیمتوں کو تیزی سے اوپر کی جانب دھکیل دیا ہے۔ دوسری جانب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے بھی اس بحران کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز نے ڈیزل اور پیٹرول مہنگا ہونے کے بعد گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے، جس کے باعث دیگر اشیائے ضروریہ کی طرح آٹے کی ترسیل بھی مہنگی ہو گئی ہے۔ ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے کا براہ راست بوجھ صارفین پر منتقل ہو رہا ہے۔ فلور ملز مالکان کا کہنا ہے کہ انہیں پنجاب سے گندم اور آٹے کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث مقامی سطح پر بھی آٹے کی قیمت کو کنٹرول کرنا ممکن نہیں رہا۔ دکانداروں کے مطابق سپلائی میں کمی کے باعث ذخیرہ اندوزی کے خدشات بھی بڑھ گئے ہیں، جو قیمتوں میں اضافے کی ایک اور بڑی وجہ بن سکتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آٹا جو کہ روزمرہ زندگی کی بنیادی ضرورت ہے، اس کی قیمت میں اس قدر اضافہ ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے، جبکہ روزانہ اجرت پر کام کرنے والے افراد سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ اگر فوری طور پر پنجاب سے سپلائی بحال نہ کی گئی اور ٹرانسپورٹ کے مسائل کو حل نہ کیا گیا تو آنے والے دنوں میں صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے اور قیمتیں مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ عوامی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے کی سپلائی فوری طور پر بحال کی جائے، ٹرانسپورٹ کرایوں کو کنٹرول کیا جائے اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے اور مہنگائی کے اس طوفان پر قابو پایا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: MEEZAN QUETTA

09 APR 2026

Page No. 29

# کوئٹہ شہر میں لوکل بسوں کی بندش!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بلاشبہ بڑی اہمیت کا حامل شہر ہے جہاں دیگر مسائل سے دوچار ہے وہاں اہم مسئلہ اس میں مختلف روٹس پر چلنے والی لوکل بسوں کا خستہ حالت کے باعث بند کردیا گیا تھا۔ ٹرانسپورٹرز کو کہا گیا کہ وہ خستہ حال بسوں کو بند کرکے ان کی جگہ نئی ماڈل کی بسیں، چلائیں، لیکن یہ بسیں نہ چل سکیں جن کو بڑے دن ہوگئے ہیں۔ لوکل بسیں بند ہونے سے عوام کی ایک بڑی تعداد پریشانی اور مشکلات کا شکار ہے کیونکہ لوکل بسوں میں ان کو سستا سفر میسر ہوتا ہے جبکہ ان کو اب بسوں کے بند ہونے کی وجہ سے رکشوں کے بھاری بھرکم کرایے دینے پڑ رہے ہیں۔ جو کہ ان کا معاشی مسئلہ ہے۔

کچھ عرصہ قبل حکومت بلوچستان نے کوئٹہ شہر میں پہلے مرحلے میں 8 گرین بسیں چلائیں جن کا روٹ بلوچستان یونیورسٹی سے بلیلی تک تھا اور یہ سروس بڑی کامیاب ہوئی کیونکہ اس روٹ کے مسافروں کو ایک آسان اور اچھا سفر میسر ہوا۔ اس کے بعد دوسرے مرحلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق گرین بسوں کے منصوبے میں توسیع کرکے مزید گرین بسیں لائی گئیں اور ان کو بھی پرانے روٹ پر ہی اس کو لا کر کے چلایا گیا ان میں خواتین کے لیے الگ پنک بسیں چلائی گئیں تاکہ وہ اطمینان سے اپنا سفر کرسکیں۔ اس سلسلے میں اس سے قبل بھی ان ہی سطور میں اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ ان نئی بسوں کو شہر کے دیگر علاقوں میں بھی چلانا چاہیئے ایک ہی روٹ پر اتنی زیادہ بسیں چلانا ٹھیک نہیں ہے کیونکہ اس سے شہر کے باقی علاقے محروم ہیں اور عوام مشکلات کا شکار ہے۔ یہاں اس بات کا ایک بار پھر ذکر کرنا ضروری ہے کہ شہر میں چلنے والی گرین بسوں کو مزید نئے روٹس دینے چاہئیں۔ اگر یہ ممکن نہیں ہے تو حکومت بلوچستان کو عوام کو آسان اور سستا سفر فراہم کرنے کی غرض سے مزید گرین بسوں کو چلانا چاہیئے کیونکہ حکومت بلوچستان کا یہ پروگرام کامیابی سے چل رہا ہے اور اس سے عوام خوش ہے۔ کیونکہ ان کی شہر میں چلنے والی خستہ حال بسوں میں سفر کرنے سے چھٹکارا ملا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ لوکل بسوں کی بندش اور ان کا متبادل انتظام نہ کرنا بلاشبہ غریب عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔ اس سلسلے میں عوامی حلقوں میں بڑی تشویش پائی جارہی ہے۔ جو اس اہم مسئلے کے حل نہ ہونے پر پریشانی اور مشکلات سے دوچار ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت بلوچستان اور متعلقہ اداروں کو عوام کے اس اہم مسئلے کو حل کرنے کے لیے احسن اقدامات کرنے چاہئیں اور اس سلسلے میں شہر کے اکثر علاقوں میں بند کی گئیں لوکل بسوں کو دوبارہ چلانا چاہیئے جو کہ نہایت ہی ناگزیر ہے۔ کیونکہ عوام رکشوں کے بھاری بھرکم کرایوں کی ادائیگی، بڑھتی ہوئی مسلسل مہنگائی اور دوسری جانب غریب عوام کی محدود آمدنی اس کی متحمل نہیں ہوسکتی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 6 Dated: 09 APR 2026 Page No. 30

# Poor health sector

The healthcare landscape in Balochistan presents a sobering paradox: while official rhetoric highlights a series of "major reforms," the ground reality remains one of systemic deprivation. There are many districts where District Headquarters lack proper equipment, surgeons and specialists, due to which people move to Quetta and other provinces.

Recent admissions by provincial health authorities confirm that a staggering 80 percent of the population lacks access to primary healthcare. This is not merely a statistical failure; it is a humanitarian crisis rooted in the province's unique geography, chronic underfunding, and a persistent shortage of human resources. Balochistan's vast, rugged terrain makes the delivery of medical services an inherent logistical nightmare. However, geography cannot be used as a permanent shield for administrative shortcomings. The Health Secretary's recent briefing in Turbat underscores the widening gulf between Balochistan and more prosperous provinces like Punjab. With a total development budget for all sectors that is less than half of Punjab's dedicated health budget alone, Balochistan is fighting a lopsided battle against disease and mortality. This financial disparity ensures that even with the best intentions, the province remains trapped in a cycle of "hard decisions" and "rule relaxations" that often act as temporary bandages on a gaping wound. While the promotion of several hundred medical officers and the push for CPSP accreditation at teaching hospitals are necessary steps, they address the symptoms rather than the disease. The core challenge remains the workforce. Even with improved infrastructure, the inability to guarantee 24-hour service delivery in remote areas leaves millions vulnerable after dark. The government's move toward digitization and satellite-linked telemedicine facilitated by Suparco is a forward-thinking strategy that could theoretically bypass the province's lack of physical roads. However, technology is only as effective as the professionals operating it.

Ultimately, the burden of change rests on two pillars: sustained federal intervention to bridge the budgetary divide and a commitment from the medical community to serve in the province's underserved peripheries. The provincial government must move beyond announcing reforms to demonstrating measurable improvements in health indicators. Until the "1,500 health centers" promised satellite connectivity are actually functional and staffed by motivated professionals, the 80 percent of Balochistan's people currently left in the dark will continue to view these reforms as nothing more than distant, bureaucratic whispers. The time for administrative exemptions is over; the time for equitable, accessible life-saving care is long overdue.